THE
SENATE OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Wednesday, the October 14, 2026
(364th Session)
Volume VIII, No. 02
(Nos.)

Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad

Volume VIII SP.VIII (02)/2026
No. 02 04

Contents

1. Recitation from the Holy Quran 1
2. Recitation of Naat 2
3. Motion under Rule 263 moved for dispensation of rules 2
4. Leave of Absence 2
5. Resolution moved by Dr. Tariq Fazal Chaudhary under second proviso of the clause 1 of the Article 232 of the Constitution regarding the proclamation of the emergency issued by the President in the Province of Khyber Pakhtunkhwa 4
   - Senator Azam Nazeer Tarar, Miniter for Law and Justice 5
   - Senator Mohammad Humayun Mohmand 8
   - Senator Hamid Khan 12
   - Senator Mohsin Aziz 14
   - Senator Zeeshan Khan Zada 17
   - Senator Kamran Murtaza 20
6. Presentation of Report of the Standing Committee on Finance and Revenue on [The Foreign Investment (Promotion and Protection) (Amendment) Bill, 2026] 26
7. Presentation of Report of the Standing Committee on Cabinet Secretariat on [The Regulation of Virtual Assets Bill, 2026] 27
8. Presentation of Report of the Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination on [The Electronic Nicotine Delivery Systems (Regulation) Bill, 2025] 27
9. Presentation of Report of the Standing Committee on Interior and Narcotics Control on [The Islamabad Consumers Protection (Amendment) Bill, 2026] 28
10. Presentation of report of the Standing Committee on Interior and Narcotics Control regarding [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2026] 28
11. Point of Public Importance raised by Senator Atta-ur-Rehman regarding the role of political parties in supporting undemocratic measures 29
    - Senator Sherry Rehman 31
    - Senator Danesh Kumar 40
    - Senator Mohammad Ishaq Dar, Leader of the House 40
    - Senator Jam Saifullah Khan 41

SENATE OF PAKISTAN
SENATE DEBATES

Wednesday, the October 14, 2026

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at forty minutes past four in the evening with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

<u>Recitation from the Holy Quran</u>

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

وَ سِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءُوْهَا وَ فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَ قَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ

فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ﴿۷۳﴾ وَ قَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَ اَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ ۚ فَنِعْمَ

اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۷۴﴾

ترجمہ: اور جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے رہے، انہیں گروہ در گروہ جنت کی طرف لے جایا جائے گا، یہاں تک کہ جب وہ اس کے پاس پہنچ جائیں گے اور اس کے دروازے کھول دیے جائیں گے، تو اس کے نگہبان ان سے کہیں گے: تم پر سلام ہو، تم خوب رہے، پس اس میں ہمیشہ رہنے کے لیے داخل ہو جاؤ۔ اور وہ کہیں گے: سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جس نے ہم سے اپنا وعدہ سچا کر دکھایا اور ہمیں اس زمین کا وارث بنا دیا کہ ہم جنت میں جہاں چاہیں جگہ اختیار کریں۔ پس عمل کرنے والوں کا اجر کیا ہی خوب ہے! سچ کہا رب ذوالجلال نے جو بڑی عظمت والا ہے۔ واخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

سورۃ الزمر (آیات ۷۳ تا ۷۴)

Recitation of Naat

ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیے ہیں
جس راہ چل دیے ہیں، کوچے بسا دیے ہیں
ان کے نثار کوئی کیسے ہی رنج میں ہو
جب یاد آ گئے ہیں، سب غم بھلا دیے ہیں
ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیے ہیں

Mr. Chairman: The House welcome Syed Iftikhar Ali Gillani, Prime Minister of Azad Jammu and Kashmir, who is sitting in the Chairman Box to witness the proceedings. Today, Kashmir is also here to witness your proceedings. Thank you, we welcome him, Question Hour.

Senator Shahadat Awan: Under rule 263.

Mr. Chairman: Please move the Motion.

Motion under Rule 263 moved for dispensation of rules

Senator Shahadat Awan: Sir, it is moved under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirement of Rule 41 of the said Rules regarding question hour be dispensed with for today’s sitting of the Senate.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The Motion is carried and the question for today's sitting is suspended. The question printed for today will be taken up in the next sitting of the Senate.

Leave of Absence

Mr. Chairman: Senator Rana Sana Ullah Khan has requested for the grant of leave for 28th August, 2026 during the 363rd Session due to personal engagement. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Saleem Mandviwalla has requested for the grant of leave for 28th August, 2026 during 363rd Session due to visit abroad. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Rubina Qaim Khani has requested for the grant of leave for the whole session 363rd Session due to personal engagement. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Ahmad Khan has requested grant of leave for 24th to 28th August, 2026 during the 363rd Session due to personal engagement. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Mohammad Humayun Mohmand has requested for the grant of leave for 28th August, 2026 during the 363rd Session due to personal engagement. Is leave granted?

(Leave was granted)

[Fallowed by T-02]

T02–14Oct2026 Imran/ED: Shakeel 04:50 pm

Mr. Chairman: (Continued…) Dr. Mohammad Humayun Mohmand has requested for the grant of leave for 28th August 2026 during the 363rd session due to personal engagement. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Afnan Ullah Khan has requested for the grant of leave from 17th to 24th August 2026 during the 363rd session due to visit abroad. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Muhammad Aslam Abro has requested for the grant of leave for 24th and 25th August 2026 during the 363rd session due to personal engagement. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Muhammad Talha Mahmood has requested for the grant of leave for 21st August, 2026, during the 363rd session, due to personal engagement. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Syed Ahmad Hashmi has requested for grant of leave from 21st to 28th August, 2026, during the 363rd session due to personal engagement. Is leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Minister for Parliamentary Affairs please.

<u>Resolution moved by Dr. Tariq Fazal Chaudhary under second proviso of the clause 1 of the Article 232 of the Constitution regarding the proclamation of the emergency issued by the President in the Province of Khyber Pakhtunkhwa</u>

Dr. Tariq Fazal Chaudry (Minister for Parliamentary Affairs): With your permission honourable Chairman, I hereby move the following resolution that the Senate approves the proclamation of the emergency issued by the President…

(Interruption)

جناب چیئرمین: یہ agenda میں ہے۔ Its Order No.9. آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: یہ agenda پر ہے۔ 8 کے دوسری طرف ہے۔ nine پر ہے۔ جناب دوسری طرف ہے۔ Page کی دوسری طرف ہے۔

Sir, with your permission, I hereby place, under second proviso of the clause 1 of the Article 232 of the Constitution, the proclamation of the emergency issued by the President on the 11th October, 2026, in the province of Khyber Pakhtunkhwa.

Mr. Chairman: Proclamation is placed before the Senate as required by second proviso of clause 1 of Article 232 of the Constitution. Order number 10.

Dr. Tariq Fazal Chaudhary: Sir, I hereby move the following resolution that the Senate approves the proclamation of the emergency issued by the President on the 11th October, 2026, in the province of Khyber Pakhtunkhwa under second proviso of the clause 1 of the Article 232 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Chairman: Is it opposed?

(مداخلت)

<u>Senator Azam Nazeer Tarar, Miniter for Law and Justice</u>

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وزیر قانون): ابھی آپ اگر بغیر debate کے کرنا چاہتے ہیں تو I have no objection. آپ کے House میں lay ہو گئی ہے۔ میرے دوستوں کو بہت جلدی ہے۔ اُنہوں نے شاید کسی ضروری کام کے لیے جانا ہے۔ اگر یہ بغیر debate کے vote کرانا چاہتے ہیں، میں concede کرتا ہوں اور اگر دونوں پارلیمانی لیڈران اُدھر سے اس کو کہتے ہیں کہ یہ no ہے۔ میں نے کہا اگر اُنہوں نے بغیر debate کے vote کرنا ہے we are willing to vote for that اور آپ کی بڑی مہربانی ہے اگر آپ اس طرح چاہتے ہیں۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Let me hear from the Law Minister. I have given the floor to Law Minister.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں تو چاہتا ہوں۔ نہیں، ہم بھاگ نہیں رہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: !Leader of the Oppositionآپ تشریف تو رکھیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب، میری بات تو سن لیں۔ میں یہی عرض کر رہا ہوں کہ جناب، یہ آپ کے دوستوں نے کیا ہے، میں نے نہیں کی۔ آپ کی اصلاح نہیں ہوتی، اُنہوں نے اٹھتے ہی no no کہہ دیا، میں نے تو اُس کے جوابِ غزل میں یہ عرض کیا ہے کہ اگر آپ جلدی میں ہیں، اگر آپ نے گھر جانا ہے، کھانا ٹھنڈا ہو رہا ہے تو آپ vote کرکے چلے جائیں، ہم بعد میں debate کر لیں گے۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: ہمیں کوئی جلدی نہیں ہے۔ ہم کل سے بیٹھے ہیں۔

Mr. Chairman: I want to hear from you.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: چیئرمین صاحب! میں یہ عرض کروں گا کہ اسی issue کو کل بھی ہم نے normal business کے فوراً بعد take up کیا اور کل Leader of the Opposition نے، پارلیمانی لیڈر پاکستان تحریکِ انصاف نے، Leader of the House نے اور دیگر ممبران نے بڑی تفصیل سے اس پر بات کی ہے، آج continue کریں گے جناب، ہم کہیں نہیں جا رہے۔

Mr. Chairman: Senator Falak Naz please, order in the House.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب، آج ہم continue کریں گے، it's our constitutional obligation اور ہم یہ جو constitution کی requirement ہے، اُس کو پورا کرنے کے لیے لے کر آئے ہیں، lay کی ہے، جو proclamation ہے اُس کی copies آپ کے سامنے آ گئی ہیں۔ جن تک نہیں پہنچی، اُن کے لیے میں staff کو عرض کروں گا کہ اُن کے tables پر چلی جائیں۔ جہاں تک تعلق ہے کہ private members کی resolutions آئی ہیں the disapproving regarding of emergency proclamation تو مجھے بڑا یقین ہے، میرے بڑے seniors بھی یہاں پر بیٹھے ہیں، کامران مرتضٰی صاحب اس House میں پہلے بھی رہ چکے ہیں اور بڑے اچھے وکیل ہیں، علی ظفر صاحب بھی سارے معاملے کو سمجھتے ہیں۔ I am sure کہ آپ نے rules بھی دیکھے ہوں گے۔ آج کی جو resolution ہم take up کر رہے ہیں it is a constitutional requirement اور اسی لیے جب ہم نے rules بنائے تو ہم نے چیزوں کو deal کیا، تو ہمارا Senate of Pakistan کے Rules of Procedure

and Conduct of Business in the Senate, 2012 کے Chapter13 کا start ہی یہاں سے ہوتا ہے۔ اس کی heading ہے کہ Resolutions not mentioned in the Constitution. تو آج جو resolution آپ کے سامنے lay کی گئی ہے، یہ ایک constitutional requirement ہے، جس وجہ سے ہم اسے لے کے آئے۔ کل اس کو lay کیے بغیر بھی ہم نے خوش دلی سے آپ کو کہا کہ آپ debate کریں۔ آپ کے بہت سارے سوالوں کے جواب اسحاق ڈار صاحب نے، Leader of the House نے دیے۔ آج قومی اسمبلی میں بھی آپ کے دوستوں نے جو مختلف باتیں کی ہیں، ہم نے اُن کے جواب دیے ہیں۔ ہم آج بھی تیار ہیں۔

جو resolutions سر آپ لانا چاہ رہے ہیں in supersession of Constitutional mechanism, وہ unfortunately take up نہیں ہو سکتی۔ اُس کے لیے بھی rules بڑے clear ہیں۔ Rule 132 reads: "Subject to provisions of these rules, any member or a minister may move a resolution relating to a matter of general public interest" یہ other than constitution کی بات ہو رہی ہے۔

Rule 133(1) reads that "A private member who wishes to move a resolution shall give 7 days' notice of his intention to do so, and shall submit together with the notice a copy of resolution which he intends to move".

سو آج آپ آ رہے ہیں اور کل شام کو کہہ رہے ہیں کہ جی یہ ابھی لے لیں اور ministers کے لیے بھی کہا گیا ہے کہ وہ well within time لیکن constitutional resolutions کے لیے یہ well within time mechanism نہیں ہے۔ وہ as a requirement آ رہی ہیں۔ آج صرف یہی resolution table ہو سکتی ہے اور ہو گی کیونکہ discussion کے بعد vote ہونا ہے۔ آپ اپنے vote سے اسے disapprove کر دیں۔ آپ کی نہ پیش کی ہوئی resolution بھی سر آنکھوں پر، وہ آ جائیں گی otherwise جناب ہم آپ کی خوشی کے لیے یا آپ کی خواہش پر آئین سے اس طرح سے deviate نہیں کر سکتے ہیں اور نہ Rules of Procedure سے۔ We have to go by the book.

تو جناب میری یہ گزارش ہوگی کہ اس بحث میں الجھنے کی بجائے Article 232 کی جو requirement ہے، emergency کا copy of proclamation lay کر دی گئی ہے، کل بھی اُس پر بات ہو رہی تھی۔ جناب اسے continue کریں۔ جب کچھ گفتگو ہو جاتی ہے تو اسے vote کے لیے put کر دیں گے، ہمیں House کی sense آ جائے گی۔ This is my precise submission.

جناب چیئرمین: میرا خیال ہے۔۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ایک منٹ، ایک منٹ۔ بابا سنیں، یہ کوئی classroom نہیں ہے کہ آپ yes no کریں۔ I want to hear the other members as well. آپ کی طرف سے کون سے ممبران بولیں گے؟ جو نہیں بولے اُن کو time دیں۔ میرے پاس یہ list آ گئی ہے۔ جی سینیٹر ڈاکٹر محمد ہمایوں مہمند صاحب۔ Dr. *Sahib*! I will give you five to six minutes.

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: جناب پانچ سے چھ منٹ ذرا کم ہوں گے۔

جناب چیئرمین: نہیں، وہ سب Leader of the Opposition, Leader of the Parliamentary parties اور سب بول چکے ہیں، تو آپ نے جو اُن سے ہٹ کے بات کرنی ہے وہ کریں۔

<u>Senator Mohammad Humayun Mohmand</u>

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: اچھا جناب۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ایاک نعبد وایاک نستعین۔ میری سادگی دیکھ کہ میں کیا چاہتا ہوں، میں عمران خان کا علاج اور ملاقات چاہتا ہوں۔ چیئرمین صاحب! ہم نے کل۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: جناب اگر ان کو خاموش کریں گے تو میں بات کر سکوں گا ورنہ میرا یہ سارا time ضائع ہو گا۔ جناب، کل ہم لوگوں نے دونوں طرف کی باتیں سنیں۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Please order in the House.

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: جناب، ان کو کہیں کہ تھوڑی دیر کے لیے ذرا منہ بند کر لیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: اس کے بعد۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: جناب ان پڑھ لوگوں کے ساتھ بات چیت کرنا بڑا مشکل ہو جاتا ہے۔

جناب چیئرمین: آپ نہیں چاہتے کہ یہ pass ہو؟ (T03 پر جاری ہے)

T03-14Oct2026 Abdul Ghafoor/ED Neelum 4:40 PM

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: (جاری۔۔۔) جناب چیئرمین! ان پڑھ لوگوں کے ساتھ بات چیت کرنا بڑا مشکل ہو جاتا ہے۔

جناب چیئرمین: آپ نہیں چاہتے یہ pass ہو۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ تشریف رکھیں، I have given the floor to him آپ کی جب speeches ہوں گی پھر interruption نہیں ہو گی، اگر آپ کریں گے تو۔۔۔

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: جناب چیئرمین! میرا ڈیڑھ منٹ ضائع کر دیا۔

جناب چیئرمین: آپ کا ایک منٹ بڑھا دیا ہے۔

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: جناب چیئرمین! کل ہم لوگوں نے باتیں سنی خاص طور پر میں اپنے لحاظ سے بات کروں گا۔ ہم لوگوں نے محسن نقوی صاحب اور اسحاق ڈار صاحب کی باتیں سنی ہیں، میں تھوڑی سی چیزیں بتاؤں گا۔ کل محسن نقوی صاحب نے یہاں پر ایک کہانی کا بیان کیا کہ recording کی بات تھی، میں facts کو تھوڑا سا correct کرنا چاہتا ہوں کیونکہ یہاں پر کھڑے ہو کر وہ غلط بیانی کر رہے تھے۔ اس طرح ہوا کہ جب گوہر صاحب کو لے کر گئے تو ان سے عمران خان نے پوچھا کہ تمہارے پاس اپنا فون ہے، انہوں نے کہا نہیں ہے۔ انہوں نے کہا پھر کل فون لے آنا ہم اس میں record کر دیں گے۔ جناب! میں ہوں، آپ ہو، کوئی بھی ہو، اس حکومت کے اوپر کسی اور کے فون کے ساتھ کوئی اعتبار نہیں کرے گا۔ میں کیوں ان کے سامنے فون کے اوپر recording کر لوں؟ یہ تو اس کا ہمیشہ غلط کریں گے۔ ہمارے دو معزز منسٹرز اکثر یہاں پر بیٹھے ہوتے ہیں وہ لوگ کہتے ہیں کہ اس حکومت اور ان کی medical team پانچ ہفتے تک عمران خان کا blood

pressure نہیں ٹھیک کرسکے، یہاں تک کہ باہر سے ڈاکٹر کو import کرنا پڑا۔ مجھے as a doctor شرم محسوس ہوتی ہے پاکستان کے ڈاکٹر اس قابل نہیں ہیں کہ blood pressure کو ٹھیک کر سکیں؟ کیا ہم لوگوں کی اوقات یہ رہ گئی ہے؟ ہمارے ایک اور منسٹر صاحب کھڑے ہو کر کہتے ہیں کہ دونوں جھوٹ بولتے ہیں، پہلے بتا دیں ان میں سے سچا کون ہے اور جھوٹا کون ہے؟ جناب! اس کے بعد ہمارے منسٹر صاحب دوبارہ کہتے ہیں کہ جتنا کچھ خراب ہوا مراد سعید نے کیا، پھر کہتے ہیں کہ وہ مفرور ہے۔ مفرور تو میاں نواز شریف صاحب بھی 2022 میں تھے۔ پرائم منسٹر اور ساری کیبنٹ ہمارے پیسوں پر لندن جا کر اس سے بات کرتی رہی ہے۔ ایک منٹ کے لیے چپ کرائیں۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: آپ ادھر لگے ہوئے ہیں میں آپ کی طرف نہ دیکھوں اور کس طرف دیکھوں؟

جناب چیئرمین: ایک سیکنڈ، بٹ صاحب! اگر Bill pas کرنا ہے تو ہم نہیں کریں۔

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: جناب چیئرمین! میں آپ کو یاد دلاتا ہوں مراد سعید وہ شخص تھا جس کے سامنے جب جنرل باجوہ صاحب نے Cabinet proposal میں ڈالی کہ بھئی ہم لوگوں نے طالبان کو لے کر آنا ہے۔ مراد سعید سے تین سوال کیے تھے۔ پہلا سوال، ہمارے پچاسی ہزار شہداء جو 2001 سے 2022 تک جنہوں نے قربانیاں دیں ان کی فیملی سے ہم کیا کہیں گے کہ ہم ان لوگوں کو واپس لا رہے ہیں؟ دوسرا، ہمارے اے این پی کے لیڈرز جن کی شہادتیں ہوئی ہیں ان کی فیملی سے کیا سوال کریں گے کہ ہم ان کو واپس لے کر آرہے ہیں؟ تیسرا، آرمی پبلک اسکول کے بچوں کی شہادتیں ہوئی ہیں ان کے والدین سے کیا سوال کریں گے؟ کیا ہم ان کو واپس لے کر آرہے تھے؟ اسی basis پر پوری Cabinet نے مسترد کر دیا تھا۔ یہ Cabinet کے record پر ہے۔ ٹھیک ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: ایک منٹ کے لیے چپ رہیں۔

جناب چیئرمین: جب آپ کی باری آئے گی بات کر لیں گے۔

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: جناب چیئرمین! یاد رکھیں! اچھا میں بتاتا ہوں اب یہ لوگ لے کر آئیں ناں۔ مجھے فیصل واوڈا صاحب کی ایک اچھی بات لگی ان سے بہت چیزوں پر میں اختلاف کرتا ہوں لیکن ان میں ایک اچھی بات ہے۔ وہ جو کہتے ہیں دھڑلے سے کہتے ہیں، بغل میں چھری منہ میں رام رام کی طرح نہیں ہے۔ انہوں نے چھ مہینے پہلے کہہ دیا کہ emergency and Governor rule بھی لگے گا۔ اس

کا مطلب یہ تو صرف بہانہ ہے، صرف time fix کرنا تھا۔ انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی جائے گا، میں نہیں کہہ رہا حامد میر کے ایک پروگرام میں کہہ رہے تھے، اس کا مطلب سب کچھ pre-planned تھا، اس کو صرف کسی نہ کسی طریقے سے implement کرانا تھا۔ دہشت گردی تو ایک بہانہ ہے، پی ٹی آئی نشانہ ہے۔

Mr. Chairman: Please try to wind up.

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: جناب چیئرمین! ہمیں کہا جاتا ہے کہ آپ لوگ وفاق کے ساتھ نہیں چلتے ہو، ہم وفاق کے ساتھ کب نہیں چلے؟ مجھے history بتائیں کیا وفاق کا فیصلہ 1970 میں ٹھیک تھا؟ کیا وفاق کا فیصلہ بھٹو کے زمانے میں ٹھیک تھا؟ کیا وفاق کا فیصلہ جب بھٹو کو پھانسی دی گئی ٹھیک تھا؟ کیا وفاق کا فیصلہ 1979 میں افغان پالیسی ٹھیک تھی؟ کیا وفاق کا فیصلہ 2001 میں war on terrorism ٹھیک تھا؟ ہم آج کیسے مان لیں کہ یہ ٹھیک ہوگا، ہم اس پر debate کیوں نہ کریں؟ میں آپ کو دوسری بات بتاتا ہوں جو National Action Plan revised ہوا اس وقت Director طارق صاحب تھے پورا نام مجھے یاد نہیں ہے وہ کہتے ہیں کہ اس کا کچھ بھی نہیں ہوا، تب revised ہوا تھا۔اس کا نہ kinetic نہ non-kinetic دونوں پوری طرح implement نہیں ہوئے۔ اسی وجہ سے November, 2025 کو خیبر پختونخوا کی ساری political parties جس میں آپ کی political party ان کی political party, ANP جماعت اسلامی سب نے اس پر دستخط کیے ہیں، اس کے پندرہ نکات ہیں۔ ان میں سے پانچواں نکتہ کہ جب بھی وفاق کچھ کرے وہاں کی پارلیمنٹ کو اعتماد میں لے کر in-camera briefing دے گی پھر آگے بات جائے گی۔ اس کا دسواں نکتہ کہ National Action Plan کی بجائے Provincial Action Plan بنائیں اور اُس لحاظ سے کریں گے۔ آٹھ سو ارب کے طعنے دیتے ہیں 2009 سے آٹھ سو ارب چل رہا ہے means پچھلے بارہ تیرہ سال سے آٹھ سو ارب ہے ہر سال میں کر لو آپ دیکھ لیں کتنے کم ہو جاتے ہیں۔

Mr. Chairman: Thank you very much.

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: جناب چیئرمین! ابھی تو میں گرم ہوا تھا۔

Mr. Chairman: I'll give the floor to Senator Hamid Khan Sahib. I gave you seven and a half minutes for disturbance from Butt Sahib.

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: جناب چیئرمین! صرف ایک منٹ۔ میرا ایک مطالبہ ہے کہ عمران خان صاحب سے ملاقات کروادیں۔ کیا مشکل ہے؟ ہم نے پورے پاکستان کو داؤ میں لگایا ہوا ہے۔

جناب چیئرمین: سینیٹر حامد خان صاحب۔ دیکھیں! آٹھ منٹ بول گئے ہیں، ابھی بھی زیادہ ہے۔

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: اسحاق ڈار صاحب نے جو figure دی تھی میں نے ابھی وہ نہیں بتائی۔۔

جناب چیئرمین: ہر ایک کا جواب آپ نے نہیں دینا۔

Senator Hamid Khan

سینیٹر حامد خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم! شکریہ، جناب چیئرمین! کل سے بحث ہو رہی ہے کہ جو emergency لگائی کیا آئین کے مطابق ہے کہ نہیں؟ سب سے پہلی بات عرض کروں گا کہ جو یہاں پر کہنے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ اس پر debate نہیں ہو۔ Article 232 میں کہا گیا ہے کہ دونوں Houses کے سامنے پیش ہوگی تو Houses کے سامنے debate کے لیے پیش ہوا کرتی ہے، صرف ہاتھ اٹھانے کے لیے نہیں۔ جناب! اس لیے debate میں ہم نے اپنا اپنا view point دینا ہے۔ پہلی بات یہ ہے کہ کل سینیٹر سید علی ظفر صاحب نے بہت اچھی طرح emergency کے بارے میں constitutional position بالکل درست بیان کر دی۔ انہوں نے سارے House کے سامنے provisions پڑھ کر سنائے، میں ان کو repeat نہیں کروں گا، وہ بالکل درست ہے۔ میں سمجھتا ہوں اور جو انہوں نے بھی کہا کہ یہ emergency and Governor rule نہ صرف unconstitutional ہیں بلکہ میرے نزدیک آئین کے Article 6 کی meaning میں subversion میں آتے ہیں۔ اس لیے یہ عام emergency یا Governor rule نہیں ہے، اس کے پیچھے بہت سارے مقاصد نظر آ رہے ہیں۔

جناب والا! کل بہت تفصیلی بات کی گئی کہ ہم نے بڑی negotiations کیں، بڑی لمبی negotiations ہوئیں، بہت کوشش کی کہ معاملے کو prevent کیا جائے، حقیقتاً یہ درست نہیں ہے۔ جس طرح سے کل مولانا فضل الرحمان صاحب کے ساتھ ہماری meeting تھی اس میں بتایا کہ negotiations کی بہت بڑی کوشش کی تھی، ایک طرف negotiation ہو رہی تھی اور دوسری طرف خبر آئی کہیں سے فیصلہ already آ چکا ہے کہ emergency لگائیے گا اب کوئی مزید negotiation نہیں ہو سکتی۔ اس کا مطلب ہوا کہ negotiations صرف ایک ڈھکوسلا، ایک hoax تھا اصل فیصلہ کہیں اور سے ہوا۔ ان کو فیصلہ communicate ہو گیا، فوراً Cabinet meeting call ہو گئی۔ (جاری۔۔۔T04)

سینیٹر حامد خان۔۔۔(جاری)۔۔ان کو فیصلہ communicate ہو گیا، فوراً Cabinet meeting call ہو گئی، خبریں یہ آ رہی تھیں کہ کابینہ کا اجلاس Monday کی صبح کو ہو گی لیکن یکایک پتا چلا کہ اس مسئلے پر Sunday کی صبح کو Cabinet meeting ہونے لگی ہے اور دو گھنٹے کے بعد پتا چلا کہ وہ pass ہو گئی ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ کچھ دن سے negotiation کی بابت لوگوں کو صرف ایک غلط تاثر دیا جا رہا تھا، حقیقت یہ نہیں ہے، میرے دوست نے بالکل درست کہا کہ یہ فیصلہ بہت پہلے کہیں ہو چکا تھا، یہ تو سارا ایک hokes تھا جو ساری قوم کے سامنے دکھایا جا رہا تھا۔ مولانا نے بالکل صحیح بات کہی کہ اصل میں کوئی negotiations نہیں ہو رہی تھیں، فیصلے پہلے ہی کہیں اور ہو چکے تھے، یہاں تو صرف communicate کیے گئے تھے اور اس پر عمل درآمد کیا گیا۔

میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اصل مسئلے کی طرف توجہ دی جائے۔ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ اصل problem یہ ہے جو کہ ایک fact ہے کہ یہاں جب تک Military Establishment فیصلے کرے گی تو کوئی حکومت legitimate نہیں ہو سکتی ہے۔ خیبر پختونخوا کی حکومت کا کیا قصور تھا، کیونکہ وہی ایک legitimate Government تھی جو کہ لوگوں کے mandate پر بنی تھی باقی تو Form 47 پر بنی ہیں، ان کی legitimacy نہیں ہے اس لیے Military Establishment کو یہ تکلیف تھی کہ ہماری مرضی اور مقصد کے بغیر کیسے ایک legitimate Government قائم ہو سکتی ہے اس لیے ultimately جو کچھ کیا گیا اس کے پیچھے یہ ذہن تھا کہ اس ملک میں صرف اور صرف puppet Governments ہو سکتی ہیں، کوئی independent Government اپنی سوچ اور اپنے مقاصد کے لیے نہیں بنائی جا سکتی اس لیے یہ جو step لیا گیا ہے وہ بڑا واضح طور پر unconstitutional اور اس طرف سے لیا گیا ہے جن کو آئین یہ اختیار نہیں دیتا لیکن ان کا آئین پر پورے طرح سے تسلط قائم ہو گیا ہے۔

اصل problem یہ ہے کہ جس ملک میں military rule ہو گیا وہاں کوئی جمہوریت پنپ نہیں سکتی، وہاں کوئی جمہوری حکومت نہیں چل سکتی ہے۔ یہ آج کا نہیں بلکہ ہمارا 70 سالوں کو تجربہ ہے، ہم 70 سالوں سے دیکھ رہے ہیں کہ اس ملک میں یہ ایک تماشہ لگا ہوا ہے، پہلے ایک حکومت بنائی جاتی ہے، پھر گرائی جاتی ہے، پھر دوسری لائی جاتی ہے، پھر گرائی جاتی ہے۔ جب تک جناب چیئرمین یہ سلسلہ بند نہیں ہو گا، اس ملک میں کوئی stability, کوئی جمہوریت، کوئی آئین کی عمل داری نہیں ہو سکتی ہے۔ اس لیے ہمیں صرف ان کے spokespersons ہی نظر آتے ہیں، اصل فیصلے کرنے والے کہیں اور بیٹھے ہیں اس لیے میری یہ گزارش ہے کہ جیسا کہ علی ظفر صاحب نے کل بہت صحیح کہا کہ 1995

میں بھی ایسی صورت حال ہوئی تھی کہ اس میں عدالتوں نے مداخلت کرکے اسے set aside کر دیا تھا کیونکہ اس وقت عدلیہ نام کی کوئی چیز تھی۔ اس وقت کہاں جا سکتے ہیں، چھبیسویں اور ستائیسویں آئینی ترمیم کے بعد نہ اس ملک میں آئین رہا ہے، نہ کوئی عدالت رہی ہے اور نہ ہی کوئی عدالتی نظام رہا ہے تو کہیں پر جانے کا راستہ نہیں ہے۔ سارے راستے بند کر دیے گئے ہیں اس لیے اس وقت اگر ایمرجنسی لگائیں گے تو ہم کہاں جا کر کہیں گے کہ یہ غیر آئینی ہے یا ان کے مخالف ہے۔ اس وقت جب ایس۔ایم۔ ظفر صاحب نے بحث کی تھی وہ وقت کوئی اور تھا اور اس وقت میں عدلیہ میں کچھ نہ کچھ آزادی اور جان تھی مگر اب وہ تمام تر نکال دی گئی ہے۔ چھبیسویں اور ستائیسویں ترامیم کے بعد نہ ملک میں آئین ہے اور نہ کوئی عدالتی نظام ہے اس لیے میں یہ سمجھتا ہوں کہ پہلے یہ ترامیم لائی گئیں تھیں تاکہ اس قسم کے steps اٹھائے جائیں اور وہ کہیں challenge نہ ہوں۔

میں اپنی بات conclude کرتے ہوئے یہ عرض کروں گا کہ بہت ضروری ہے کہ قوم کے سامنے سچائی لائی جائے، جو کچھ ہو رہا ہے وہ حقیقت سے برعکس ہو رہا ہے، بات کچھ ہو رہی ہے، دکھلائی کچھ اور جاتی ہے، یہ ملک ایسے نہیں چلا کرتے، جھوٹ اور منافقت پر نہیں چلتے، حقیقت اور سچائی پر چلتے ہیں، یہ ملک اسلام کے نام پر بنایا گیا لیکن جب میں سیاست میں دیکھتا ہوں کہ سب سے زیادہ جھوٹ اور منافقت مجھے یہاں نظر آتی ہے، بھلا ایسے بھی کبھی ملک چلا کرتے ہیں؟ میں آپ سے بلکہ قوم سے یہ عرض چاہتا ہوں کہ حکومتیں کبھی جھوٹ اور منافقت پر نہیں چلا کرتیں اور آخری بات یہ ہے کہ جو سمجھتے ہیں کہ قوم کو بے وقوف بنایا جا سکتا ہے، قوم کو چکر دیا جا سکتا ہے۔ میرے خیال میں وہ بھول رہے ہیں کہ قوم کو آہستہ آہستہ یہ بات سمجھ میں آ گئی ہے، aware ہو گئی ہے۔ جناب چیئرمین میں اپنی بات conclude کر رہا ہوں، قوم aware ہو گئی ہے، عوام جانتی ہے کہ حقیقت کیا ہے، اصل چہرے کون سے ہیں اور نقلی چہرے کون سے ہیں اس لیے جب تک۔۔۔

جناب چیئرمین: بہت شکریہ۔Now I give floor to Senator Mohsin Aziz.

Senator Mohsin Aziz

سینیٹر محسن عزیز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بہت شکریہ، میں تو کل یہاں حاضر نہیں تھا مگر جو چند باتیں میں نے سنی ہیں ان سے متعلق بات کروں گا۔ بات یہ ہے کہ آپ نے ایمرجنسی لگانی تھی وہ لگا لی۔ آپ بہت پہلے سے گورنر راج کا plan کر رہے تھے، آپ نے لگا لیا۔ دکھ تو بہت ہوا، آپ اسے constitutional کہتے ہیں لیکن میرا خیال ہے کہ اگر ہم اسلام میں دیکھیں تو طلاق بھی constitutional ہے لیکن ایک

خراب عمل ہے۔ وہ مذہب میں شامل ہے مگر ناجائز عمل نہیں ہے، ناجائز تو یہ بھی نہیں ہے۔ قرآن و سنت میں ہے مگر اس کو ایک عمل بتایا گیا ہے۔۔۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Address the Chair.

سینیٹر محسن عزیز: خیر آپ بھی کیا stamp پڑھیں گے یا میں کیا stamp بولوں گا، stamp والے کہہ رہے ہیں۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Please order in the House.

سینیٹر محسن عزیز: پتا ہے، پتا ہے، باپ دادا سے، پردادا سے ہم مسلمان ہیں۔ آپ زیادہ اوپر نیچے نہ ہوں۔

(مداخلت)

سینیٹر محسن عزیز: آپ آرام سے بیٹھ جائیں۔ آپ زیادہ اونچا نہ بولیں۔ آپ کیا باتیں کرتے ہیں۔ مجھے پتا ہے کہ ناپسندیدہ چیز ہے، یہی کہہ رہا ہوں۔ آپ کیا چھلانگیں مار رہے ہیں۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Leader of the Opposition, please take your seat. Please address the Chair. Don't address Abid Sher Ali.

سینیٹر محسن عزیز: جناب میں تو address کر رہا ہوں مگر یہ دیکھیں یہ بیچ میں چھلانگیں مارتے ہیں۔ یہ چھلانگیں مارنے کی جگہ تو نہیں ہے۔ یا جم میں جا کر چھلانگیں ماریں یا کہیں اور چھلانگیں ماریں۔

جناب چیئرمین: آپ کا time جا رہا ہے۔

سینیٹر محسن عزیز: جناب میرا time نہیں جا رہا، ان کا time جانا چاہیے۔ جناب چیئرمین! بات یہ ہے کہ آپ میرا ایک منٹ کا وقت حذف کر لیں، بات یہ ہے کہ آپ نے ایمر جنسی لگائی تھی وہ آپ نے لگا لی۔ میں سمجھتا ہوں کہ جب ہم نے press conference سنی تو اعظم تارڑ صاحب اور محسن نقوی صاحب وہاں بیٹھے تھے۔ انہوں نے جس طریقے سے اسے justify کیا وہ کر دیا، اچھا کیا یا برا کیا لیکن کم از کم بعض

جو کروں کی طرح انہوں نے ہمارے صوبے کے چار کروڑ لوگوں کی دل شکنی نہیں کی۔آپ دہشت گردی کی بات کرتے ہیں، آپ کو دہشت گردی کا کیا پتا ہے؟ آپ تو وہ لوگ ہیں جو وہاں کہتے ہیں کہ کوئی کسی قسم کا افغان refugee enter بھی نہ کرے، آپ تو وہ لوگ ہیں جو کہتے ہیں کہ آپ کو جو border سے دہشت گردی ملتی ہے وہ آپ کو اپنے ساتھ والے صوبوں سے زیادہ خطرناک ملتی ہے، آپ تو وہ لوگ ہیں۔آپ یہ کیسے کہہ سکتے ہیں۔ جس صوبے نے اپنے بچے قربان کیے، جس صوبے نے لاشیں اٹھائیں، یہ ان کی شیعہ fraternity ہے، آج سے پہلے یعنی تیس پینتیس سال پہلے ہم ایک مجمع اور جلوس جمع کرکے ماتم کیا کرتے تھے۔آج یہ پشاور میں ناپید ہوگئے ہیں، آج یہ صوبے میں ناپید ہوگئے ہیں کیونکہ وہاں دہشت گردی ہوئی، کس لیے ہوئے، کس نے کرائی، کہاں سے آئی؟ آپ کو معلوم نہیں ہے۔آج سے چالیس سال پہلے کہاں سے دہشت گردی شروع ہوئی، ہمارا صوبہ تو امن وامان کا گہوارہ تھا، سب سے خوب صورت اور پیارا صوبہ تھا، پھولوں کا صوبہ تھا، اس کو گلستان سے قبرستان بنا دیا گیا، ہم نے بنایا یا ہم نے آپ کا ساتھ دیا، ہم نے پاکستان کا ساتھ دیا، ہم نے پاکستان کا یہ ساتھ دیا کہ ہم frontline state بنے، پہلے ہمارے پر so-called مجاہدین کا قبضہ ہوا، انہیں بعد میں طالبان بنا دیا گیا، اس کے بعد انہیں دہشت گرد بنا دیا گیا۔ہم نے بنایا، یہ تو امریکہ میں بھی لوگ کہتے ہیں۔اس کے قصور وار ہم ہیں؟ اس کے بعد اگر آپ کہتے ہیں کہ آپ طالبان کا یا دہشت گردوں کا ساتھ دیتے ہیں تو شرم آنی چاہیے۔ کم از کم وہاں کے لوگوں کی اس طرح سے دل آزاری نہ کریں۔ (جاری۔۔۔(T-05)

T05–14Oct2026 Ashfaq/ED: Neelum 05:20 pm

سینیٹر محسن عزیز: (جاری) آپ کم از کم اس طرح وہاں کے لوگوں کی دل آزاری نہ کریں، کم از کم یہ جانیں کہ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے پاکستان کو بچایا ہے۔ میں سمجھتا ہوں میرا صوبہ وہ ہے اور خاص طور پر میرا شہر پشاور ہے جس نے پورے پاکستان کو بچایا ہے۔آج جو وہاں لاہور میں جشن منا رہے ہیں، اس کو بچایا ہوا ہے۔ میرے وزیرستان نے راولپنڈی کو بچایا ہوا ہے۔آپ ہمیں دہشت گرد کہتے ہیں؟ آپ کہتے ہیں کہ ہم وہاں پر ان کی سہولت کاری کر رہے تھے؟ .Shame on you پہلی بات یہ ہے کہ ایسی بات نہ کریں کہ جو پہلے آپ نے دل آزاری کر دی ہے۔اس کے بعد آپ اس پر اور نمک بھی چھڑکیں اور تیزاب بھی ڈالیں۔

جناب! یہاں پر یہ بات بھی ہوئی، یہاں پر سارے لوگ بات کر رہے ہیں اور ایمرجنسی کے متعلق بالکل بات کر رہے ہیں، ٹھیک بات کر رہے ہیں لیکن میں کچھ اور بات بھی کرنا چاہتا ہوں۔آپ دیکھیں، یہ دہشت گردی کہاں سے آتی ہے؟ یہ لاقانونیت کہاں سے جنم لیتی ہے؟ میں سمجھتا ہوں کہ سب سے پہلے پیٹ سے جنم لیتی ہے، اس کے بعد دماغ سے جنم لیتی ہے، پہلے پیٹ سے جنم لیتی ہے اور پیٹ سے کیسے جنم لیتی ہے؟

جہاں پر بے روزگاری ہو، جہاں پر افلاس ہو، جہاں پر بھوک ہو، جہاں پر ننگ ہو، جہاں پر ہسپتال نہ ہوں، جہاں پر پانی کی facility نہ ہو، جہاں پر ایجوکیشن کی facility نہ ہو تو وہاں سے جنم لیتی ہے۔ سنگاپور جب آزاد ہوا تو سنگاپور نے سب سے پہلے کیا کیا؟ اس وقت کے Prime Minister نے روتے ہوئے کیا کہا کہ ٹھیک ہے، ہمارے پاس نہ پانی ہے، نہ کھانا ہے، نہ کچھ ہے لیکن میں سب سے پہلے جو ہماری یہاں پر کرپشن ہے، اس کا خاتمہ کروں گا، اس کے بعد میں ایجوکیشن دوں گا، اس کے بعد میں فوراً entrepreneurs کو یہاں لے کر آؤں گا تاکہ روزگار پیدا ہو۔

جناب! آپ نے اس کے الٹ کیا۔ آپ اگر بات کرتے کہ پاکستان نے ترقی کی ہے، میں آپ کو figure دیتا ہوں، مجھے صرف ڈیڑھ منٹ دیں۔ یہ آج آیا ہے کہ پاکستان weaker 72% ہوا ہے، .in dollar terms in 4 years افغانستان صرف 16% stronger ہوا ہے اور بنگلہ دیش weaker 4% ہوا ہے اور ہم weaker 72% ہوئے ہیں۔ اس کا کیا مطلب ہے؟ Everything goes up, the prices of every commodity goes up, the inflation goes up. UPDP کی report آج اخبار میں آئی ہے، آپ وہ پڑھیں، وہ کہتے ہیں کہ 38.3% we have poorer, we were at 51% 3 years back. ہماری جب حکومت تھی، اس وقت پر یہ 44% آ گئی تھی۔ آپ سمجھتے ہیں کہ آپ نے پاکستان کی ترقی کی ہے، آپ نے پاکستان کی تنزلی کی ہے۔ جناب! مجھے برائے مہربانی دو باتیں کرنے دیں، مجھے بتائیں کہ ایک طرف آپ کا یہ حال ہو، دوسری طرف آپ جہاز لے رہے ہوں، تیسری طرف آپ کہیں کہ جی میں نے جو ہے 45 بلٹ پروف گاڑیاں خریدنی ہیں جو کہ...

جناب چیئرمین: آپ کا شکریہ، آپ نے زیادہ وقت لے لیا ہے۔ سینیٹر ذیشان خانزادہ صاحب۔

Senator Zeeshan Khan Zada

سینیٹر ذیشان خانزادہ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین، آپ نے وقت دیا۔ جناب! جو subject under discussion ہے اور KPK کے 12 districts میں ایمرجنسی نافذ کی گئی، اور باقی اضلاع میں گورنر رول نافذ کیا گیا، میں اس کی شدید مذمت کرتا ہوں۔ ہمارے دوست جو حکومت میں بیٹھے ہیں، وہ جتنا بھی کہیں کہ یہ ایک آئینی عمل ہے، ہم اس کو نہیں مانتے کیونکہ یہ آئین کا استعمال صرف ادھر کرتے ہیں جس میں ان کا فائدہ ہوتا ہے اور جب ہم ان سے سوال کرتے ہیں اسی آئینی شق پر کہ یہ ملک کے ایک اور صوبے میں کیوں نہیں apply ہوتی جہاں حالات KPK سے بھی زیادہ خراب ہیں، تو ہمیں اس کا جواب کہیں سے بھی نہیں آتا۔

جناب چیئرمین! میں ان چیزوں اور اس عمل کی مذمت کرتا ہوں جو ہمارے MNAs and MPAs کے ساتھ کیا گیا، ان کو دن کی روشنی میں اٹھایا گیا اور ان کا ابھی تک اتا پتا نہیں کہ وہ کہاں ہیں۔ میں ان workers کے لیے بھی مذمت کرتا ہوں جو ایک peaceful protest کے لیے نکلے تھے اور ان کو arrest کیا گیا۔ جناب چیئرمین! سہیل آفریدی کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اس نے غلط کیا، اس نے اس ملک کے امن و امان کو نقصان پہنچایا اور مارچ کا اعلان کیا۔ جناب چیئرمین! میں ان سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ کیا سہیل آفریدی کو اپنی کرسی پسند نہیں جس طرح باقی سب کو پسند ہے؟ وہ ایک دلیر آدمی ہے، دلیر آدمی وہ ہوتا ہے جس کو اپنی کرسی کی فکر نہیں ہوتی۔ اس نے اپنی جان کی بازی تو لگائی لیکن جو سب سے زیادہ انسان کو عزیز ایک چیز ہوتی ہے، وہ اس کو اس کی طاقت ہوتی ہے تو اس نے اس کی پرواہ نہیں کی۔ وہ اللہ کا نام لے کر روڈوں پر نکلا اور کس بات پر نکلا کہ خان کے لیے انصاف کے لیے نکلا۔ یہ ایک ایسی بات ہے جو کہ اس حکومت کے لیے کوئی چیز ہی نہیں ہے۔ یہ ایک منٹ کے اندر یہ مطالبہ قبول کرتے، ان کے ڈاکٹرز سے کہتے وہ ان سے ملتے، ان کا علاج ہو جاتا، ان کی فیملی کی ملاقات ہو جاتی اور ان کے lawyers کی ملاقات ہو جاتی، یہ ایسی کون سی چیز ہے۔ جناب چیئرمین! اس میں کوئی غیر قانونی ایسی چیز ہو یا کوئی ایسا مطالبہ ہو جس سے ان کو تکلیف ہو تو سہیل آفریدی کو قصوروار نہ قرار دیں۔

جناب! اس وقت سہیل آفریدی کا کوئی اتا پتا نہیں ہے، protected custody میں ہیں، یہ ہماری demand ہے کہ ہمیں بتایا جائے کہ وہ کہاں ہیں؟ ہمارے باقی ساتھی ہیں، ہمارے صوبائی صدر جنید اکبر صاحب ہیں، ان کے بارے میں بتایا جائے۔ ہمارے صوبائی اسپیکر کے بارے میں بتایا جائے کہ وہ کہاں ہیں اور کیا current status ہے؟

جناب چیئرمین! ہم پی ٹی آئی کی طرف سے مولانا فضل الرحمان صاحب کے بے حد مشکور ہیں کہ انہوں نے ایک کردار ادا کیا اور انہوں نے ثابت کیا کہ وہ اصل میں ایک جمہوری پارٹی ہے۔ وہ درمیان میں آئے اور انہوں نے کہا کہ dialogues fail نہیں ہونے چاہییں۔ انہوں نے وزیراعظم صاحب سے ملاقات کی اور وزیراعظم صاحب نے commitment کی کہ جو مطالبات ہیں، وہ ہم منظور کریں گے اور یہ long march ختم کی جائے گی۔ جناب چیئرمین! ہمارا یہ سوال بنتا ہے کہ آخر یہ کونسی کابینہ ہے جو اپنے وزیراعظم کی commitment کو honour ہی نہیں کرتی، Cabinet کے بعد پتہ چلتا ہے کہ کوئی discussion ایسی ہوئی ہے اور جو agreement ہوا تھا وہ ختم ہے۔ اس بات کا افسوس ہے کہ ہم سب

نعرے لگاتے ہیں کہ ہم جمہوریت پسند ہیں اور ہماری پارٹیاں اس جمہوریت کے لیے جان بھی دے سکتی ہیں لیکن KPK جمہوری حکومت سے آپ کو جو بھی مسئلہ تھا، آپ نے ایک جمہوری حکومت کو ہٹایا اور آپ explanation کیا دیتے ہیں کہ security کا مسئلہ تھا۔

جناب چیئرمین! اس resolution میں لکھا ہوا ہے جو ابھی آئی ہے، میں وہ پڑھ دیتا ہوں، threatening the security of not only the province Khyber-Pakhtunkhwa but also serious has implications for the security of Pakistan. جناب چیئرمین! یہ statement کہاں سے آتی ہے؟ KPK میں جتنی بھی پارٹیاں ہیں، خواہ اے این پی، جے یو آئی، پی ٹی آئی، اس کے علاوہ بار کونسلز اور KPK جو ہمارے صحافی ہیں، ان سب نے ایمرجنسی اور گورنر رول کو oppose کیا ہے تو یہ information کہاں سے آتی ہے؟ آخر ایسا کیا ہے، یہ سیکیورٹی issue کیا ہے جو ہمیں پتا نہیں ہے، ساری political parties کو پتا ہی نہیں ہے۔ اس سے پہلے انہوں نے ایک agreement کیا تھا اور FATA کے سارے لوگوں کو بلایا، مشران کو بلایا اور ان سے اس پر بات چیت کی۔ اس پر ایک agreement کیا، جس میں ساری parties تھیں، ہمارے گورنر خیبر پختونخوا کنڈی صاحب بھی تھے، انہوں نے بھی اس پہ دستخط کیے، وہ بھی ہمیں منظور نہیں۔ جناب چیئرمین! ہم تو حیران پریشان ہیں کہ یہ کون سا قانون ہے اور یہ چیزیں کہاں سے آتی ہیں؟

چیئرمین صاحب! میں آخر میں صرف یہ ایک التجا کروں گا کہ جی بالکل یہاں پر تقاریر بھی ہوں گی، ہم اپنی side سے بتائیں گے اور آپ اپنی side سے بتائیں گے لیکن بات یہ ہے کہ ہم بھی چاہتے ہیں کہ اس ملک میں امن ہو (------جاری---T06)

T06-14Oct2026 FAZAL/ED: Shakeel 05:30 pm

سینیٹر ذیشان خانزادہ (جاری ہے---) لیکن بات یہ ہے کہ ہم بھی چاہتے ہیں کہ اس ملک میں امن ہو اور ہمارے لوگوں کے اوپر جو دہشت گردی والا مسئلہ ہے اور جتنے نقصان اٹھائے ہیں، کیا ہم نہیں چاہتے کہ یہ ختم ہو؟ لیکن کیا عمران خان کے ساتھ یہ سلوک کرنا یہ بند نہیں ہو سکتا؟ جناب چیئرمین! میں conclude کرتا ہوں۔ میں زیادہ time نہیں لیتا لیکن میں یہی کہتا ہوں کہ مذاکرات پر ہم آئے لیکن ہمارے مذاکرات کو سبوتاژ کیا گیا ہے۔ میں چاہتا ہوں اور مجھے امید ہے کہ ہمارے پی ٹی آئی کے باقی دوست بھی یہی چاہتے ہیں کہ مذاکرات آگے چلیں اور ان شاء اللہ تعالیٰ اس مسئلے کا کوئی ایسا حل نکلے جس میں پاکستان اور ہمارے پوری عوام کی خیریت ہو۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ وزیر قانون صاحب! میں چاہتا ہوں کہ Resolution move کریں اور یہ debate continue رہے گی۔کامران مرتضٰی صاحب! آپ بات کرلیں۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: نہیں وہ کہہ رہے ہیں کہ پہلے پاس کرتے ہیں پھر بعد میں بات کرلیں گے۔ میں Legal بات کروں گا۔ میں کوئی illegal بات نہیں کروں گا۔

جناب چیئرمین :کامران صاحب! میں نے صرف اپوزیشن کو time دیا ہے، گورنمنٹ سائیڈ کو دیا ہی نہیں۔تو اس لیے انہوں نے بولنا ہے۔اب یہ سب کے مائیک آن ہیں، مگر میں نے صرف اپوزیشن کو وقت دیا ہے۔کامران صاحب! صرف پانچ منٹ بات کر لیں۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ صرف پانچ منٹ نہیں، میں بھلے اپنے کسی اور ساتھی کا بھی ٹائم لے لوں گا۔ مجھے دس منٹ چاہییں۔

جناب چیئرمین :ساتھیوں کے times میں نے ختم کر دیے ہیں۔سب بول چکے ہیں۔آپ شروع کریں۔

Senator Kamran Murtaza

سینیٹر کامران مرتضٰی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! ایسا ہے کہ یہ عجیب و غریب بات کل بھی ہوئی اور آج بھی ہو رہی ہے۔ یعنی وہ instrument آج آیا ہے اور بات اس پر کل سے ہو رہی ہے۔ ہمارے ہاں ایک رواج بھی ہے۔ میرے بھائی تارڑ صاحب نے کہا کہ وہ Resolution جو ہماری طرف سے آیا تھا، اس میں یہ نقص تھا، اس کی آنکھیں ٹھیک نہیں تھیں، اس کا ناک ٹیڑھا تھا، اس پر سرخی پاؤڈر نہیں لگا ہوا تھا۔ ہوتا یہ ہے کہ اگر اس طرح کا کوئی tool آجائے تو اس کو club کر دیتے ہیں۔ میڈم! آپ میرے راستے میں کھڑی ہیں اور یہ غلط ہے۔ اگر کوئی tool آجاتا ہے اور وہ غلط ہوتا ہے، درست نہیں ہوتا اور وہ time-bounded بھی ہوتا ہے، تو پھر اس کو respond کر دیتے ہیں کہ علی ظفر صاحب، کامران مرتضٰی صاحب اور مولوی واسع صاحب آپ نے یہ غلط چیز move کی ہے۔ یہ admissible نہیں ہے اور اس کو reject کرکے واپس بھیج دیتے ہیں۔ تو جو چیز reject نہیں ہوئی، اس کے بارے میں یہ سمجھا جاتا ہے کہ وہ درست طور پر move ہوئی ہے اور ابھی تک اس میں Movers کو inform نہیں کیا گیا۔ تو اس کو اور اس کو اکٹھا آنا چاہیے تھا۔ تو یہ تو ایک technicality ہو گئی۔

جناب چیئرمین! اس میں دو چیزیں ہیں۔ Article 232 کو بھی Invoke کیا گیا اور Article 234 کو بھی Invoke کیا گیا۔ Article 232 کی حد تک معاملہ آپ کے پاس آ گیا اور Article 234 کی حد تک معاملہ Joint Sitting میں جائے گا۔ اس میں یہ فرق ہے۔ مگر جب move ہوا تو وہ اکٹھا move ہوا اور جب اکٹھا move ہوا ہے تو جو material اس ایوان کے سامنے ابھی آیا ہے، جس نے Article 232 کی حد تک اس کی توثیق کرنی ہے اور جب اکٹھا بیٹھے گا تو Article 234 کی حد تک توثیق کرے گا۔ صدر صاحب کے پاس جو material گیا ہے، وہ یہ ہے۔ آپ کے record پر بھی رکھوا دیتا ہوں۔ بلکہ آ گیا ہوگا۔ Social Media پر سب دوستوں نے دیکھا ہے۔

"Breakdown of Constitutional machinery in the Province of Khyber Pakhtunkhwa, issuance of Proclamation under Articles 232 and 234 of the Constitution with respect to the Province."

صدر صاحب نے جو کچھ کیا ہے اور اس کے نیچے ان کا نام بھی لکھا ہوا ہے۔ صدر صاحب بہت محترم ہیں کیونکہ بہت بڑا عہدہ جو پاکستان کا سب سے بڑا عہدہ ہے، وہ آصف علی زرداری صاحب enjoy کر رہے ہیں اور انہوں نے کیا کیا ہے؟

"The Prime Minister's advice at paragraph 9 of the summary is approved and the Proclamation Order is hereby signed."

اچھا، اب ذرا یہ ذہن میں رکھیے گا کہ میں نے آپ کو اس Resolution کے ساتھ ایک خط بھی لکھا تھا اور اس کے ساتھ وہ material مانگا تھا جس کی بنیاد پر یہ Order Issue ہوا ہے۔ مجھے وہ documents بھی کبھی supply نہیں کیے گئے اور مجھے اس letter کا بھی کوئی response نہیں دیا گیا۔ آپ سے مانگنے کی وجہ یہ تھی کہ پہلے آپ سے مانگا تھا۔ پھر میں نے Speaker کو بھی مولانا صاحب کی instructions پر وہ بھجوا دیا تھا اور مانگنے کی وجہ یہ تھی کہ ultimately ان سب چیزوں نے آپ کے پاس ہی lay ہونا ہے۔ جناب چیئرمین! ایک منٹ کے لیے میرے ساتھ رہیے۔ کیونکہ معاملہ صرف Article 232 کی حد تک آپ کے پاس ہے، تو اس کو پہلے ذرا ایک منٹ کے لیے دیکھیے کہ اگر صدر مطمئن ہو۔ یہ precondition ہے، اگر صدر مطمئن ہو۔ صدر کا اطمینان اس Proclamation Order کے Issue ہونے میں کہاں reflect ہوتا ہے؟ پہلے یہ approval ہے، اس کے بعد آگے notify ہوا ہے۔ تو at the time of approval صدر کا کوئی اطمینان نہیں ہے۔ انہوں نے mechanically act کیا ہے اور جب mechanically act کیا گیا ہوگا

تو وہ پھر ظاہر ہے جب examineہوگا۔ ابھی پتا نہیں کہ PTIکے دوست اس کو challengeکریں گے یا نہیں کریں گے، جو mechanically actکیا گیا ہے، وہ چیزیں sustainنہیں کرتیں۔ ان کو اپنا اطمینان کرنا چاہیے تھا۔

اب صدر کے حوالے سے پہلے دو سوالات پیدا ہو جائیں گے، یا انہوں نے جان بوجھ کر اس طرح mechanically actکیا ہے یا ان کو پتا نہیں تھا؟ وہاں پر ان کو اطمینان کرنا تھا۔ اگر جان بوجھ کر کیا ہے تو بھی یہ درست نہیں ہے، ان کے Officeکے ساتھ مطابقت نہیں کھاتا یا پتا نہیں تھا، تو میرے علم کے مطابق ایک سابق Attorney General, میری آخری اطلاعات آنے تک ان کے Law Officeمیں ان کی Legal Assistanceکے لیے موجود ہوتے ہیں۔ تو بغیر اطمینان کیے صدر صاحب نے تو کر دیا۔ چلیں، صدر صاحب نے بہت برا کیا۔ آپ مجھ سے as a Parliamentarianکیا چاہ رہے ہیں؟ وہ کام جو صدر نے کرنا تھا اور ایک بہت محدود مدت کے لیے کرنا تھا یعنی دس دن کے اندر منظوری کے لیے پیش کیا جائے گا۔ یعنی وہ کن کے سامنے پیش کیا جائے گا؟ وہ اس ہاؤس کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ تو آپ ایکcustodian of the House اور ایک دستوری عہدہ رکھتے ہوئے مجھ سے یہ expect کرتے ہیں کہ میرے سامنے کوئی materialنہیں ہے۔ صدر نے دس دن کے لیے اطمینان کرنا تھا اور وہ بغیر اطمینان کے سب کچھ لے آئے۔ اب ان کا اطمینان کرائیے، جنہوں نے اس کی اس سے زیادہ مدت کے لیے توثیق کرنی ہے۔ تو ان کے اطمینان کے لیے ان کے سامنے کیا materialرکھا گیا؟ تو وہ خط جو آپ کو مولانا فضل الرحمان صاحب کی instructionsپر لکھا گیا تھا اور اس کے بعد Speakerصاحب کو لکھا گیا۔ اس کی logicاس کے پیچھے یہ تھی کہ اس کے لیے صدر کا اطمینان ضروری تھا۔ جو چیز صدر کے اطمینان کے لیے required تھی تو پھر میرے لیے بھی اطمینان requiredتھا۔ میرے سامنے جو document آیا ہے، یہ documentتو میں نے Social Mediaسے کہیں سے لیا ہے، چرایا ہے یا جس طرح بھی Social Mediaوالوں سے لیا ہے۔ مگر آپ کے پاس تو صرف وہ Orderہے جو آج پیش ہوا۔ تو کیا آپ سمجھتے ہیں کہ اس پر میرا، آپ کا اور اس ایوان میں بیٹھے ہوئے ہم جیسے لوگوں کا اطمینان ہو گیا ہوگا؟ اگر ان کا اطمینان اس طرف والوں کا ہو گیا ہے تو بھلے وہ کریں۔ اگر ہم نے ان چیزوں پر انگوٹھے لگانے ہیں تو ہم بالکل غلط کر رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! آپ نے وہ حق جو دستور نے preambleمیں دیا تھا۔ میں صرف یہ پڑھ لوں گا۔ میں 2024کے Electionکو نہیں مانتا۔ میں نے تو ابھی بولا ہی نہیں ہے۔ جناب چیئرمین! میں ایک بھی irrelevantبات نہیں کر رہا ہوں۔

Mr. Chairman: Please try to wind up.

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب چیئرمین! بات یہ ہے کہ خیبر پختونخوا میں PTI کی حکومت تھی۔ مجھے PTI سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ ہمارے مفادات ہمیشہ آپس میں clash کرتے رہے ہیں۔ مجھے اگر دلچسپی ہے تو پاکستان کے ساتھ دلچسپی ہے۔ مجھے اگر دلچسپی ہے تو پاکستان کے دستور کے ساتھ دلچسپی ہے۔ 2024 کے Election کو میری پارٹی ہمیشہ reject کرتی رہی ہے، مگر پورے پاکستان میں reject کرتی رہی ہے اور پورے پاکستان میں ہم Form 47 کی بات کرتے رہے ہیں۔ (جاری۔۔۔T07)

T07-14 Oct2026 Taj/Ed. Neelum 05:40 p.m.

سینیٹر کامران مرتضیٰ: (جاری) اور پورے پاکستان میں ہم یہ Form 47 کی بات کرتے رہے ہیں لیکن اگر وہ ٹھیک ہے، مسلم لیگ (ن) کہتی ہے وہ ٹھیک ہے، پیپلز پارٹی کہتی ہے وہ ٹھیک ہے، حکومت کے سارے اتحادی کہتے ہیں کہ وہ ٹھیک ہے تو پھر خیبر پختونخوا میں بھی وہ ٹھیک ہوگا۔ پھر اگر ٹھیک ہوگا تو preamble کو ذرا ایک منٹ کے لیے دیکھ لیجیے۔ آپ نے ایک جمہوری حق کسی سے لیا ہے۔ Preamble میں ہے کہ چونکہ اللہ تعالیٰ ہی پوری کائنات کا بلا شرکتِ غیر حاکم ہے، مطلق ہے اور پاکستان کے جمہور کو جو اختیار و اقتدار اس کی مقرر کردہ حدود کے اندر استعمال کرنے کا حق ہوگا، وہ ایک مقدس امانت ہے۔ چونکہ پاکستان کے جمہور کی منشا ہے کہ ایک ایسا نظام قائم کیا جائے جس میں مملکت اپنے اختیارات و اقتدار کو جمہور کے منتخب نمائندوں کے ذریعے استعمال کرے گا۔ تو یہ حق، جو یہ اب آئین کا حصہ بن گیا ہے۔ یہ preamble, تو یہ حق ہے جو لیا گیا ہے، کیا یہ حق لینے کے لیے وہ material, میں کوئی سیاسی بات نہیں کر رہا ہوں، میں صرف قانونی اور دستوری بات کر رہا ہوں کہ صدر صاحب کے پاس وہ کون سا material تھا جس پر انہوں نے mind apply کیا اور وہ مطمئن ہو گئے کہ جناب یہ ضروری ہے کہ Article 232 کو، کیونکہ اس وقت آپ کے پاس Article 232 ہے، Article 234 نہیں ہے۔ تو Article 232 کو invoke کیا جائے۔ اور اب مجھ سے آپ یہ demand کر رہے ہیں کہ میں اس کی توثیق کروں تو میرے سامنے وہ کون سا material ہے، میں بالکل ان کی طرح انگوٹھا لگا دوں گا مگر پہلے وہ مجھے بتائیں کہ وہ کون سا material ہے جس کی بنیاد پر میرا اطمینان ہو جائے کہ ایک جمہوری حق، ایک وہ حق جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ودیت کیا گیا ہے ان منتخب نمائندوں کو، وہ حق ان سے لے لیا جائے۔ اگر ایسا ہے تو پھر یقیناً ۔۔۔

جناب چیئرمین: براہ مہربانی ختم کریں۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب! بات کر لینے دیں، اس کی جگہ پر جن کو لایا گیا ہے۔ ان کو تو نکالا گیا، یہ تو بہت برے لوگ تھے، ان کی شکلیں اچھی نہیں تھیں۔۔۔

جناب چیئرمین: ، دیکھیں آپ پارلیمانی لیڈر تو نہیں ہیں کہ میں آپ کو دس منٹ سے زیادہ دوں۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: جناب! جن کو لایا گیا ہے وہ کہتے ہیں کہ وہ کر سکتے ہیں۔ کل وہ...Article 132

Mr. Chairman: Law Minister Sahib, do you want to add something?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! صبح بھی یہ کہا گیا تھا۔ چیئرمین صاحب نے حکم دیا ہے۔ چیئرمین صاحب کا حکم ہے۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: چیئرمین صاحب نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں اس بات کا جواب دوں تاکہ میں material لے آؤں۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: یہ دیکھیں جناب۔ نہیں، اگر چیئرمین صاحب نے۔۔۔

Mr. Chairman: Please continue.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! میں عرض کرتا ہوں۔ جناب! پہلی بات تو یہ ہے کہ provision انہوں نے پڑھ تو دی لیکن یہ نہیں بتایا کہ آج تک رسم روایت کیا رہی ہے۔,Material جناب! کابینہ نے اڑھائی گھنٹے اسے discuss کیا، 4 dossiers آئے، صفحات کے صفحات ہیں۔ وہ material national security کے حوالے سے ہے، ان کے حوالے کر دینا قرین انصاف نہیں ہے، نمبر ا۔ نمبر ۲ یہ ہے۔ یہ سلسلہ بنی ہوئی ہے۔ میرا خیال ہے کہ .we should put it to vote کل قائد ایوان نے بھی کیا تھا۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: کل قائد ایوان نے بھی بات کی۔ نہیں، انہوں نے اب صلاح کی ہوئی ہے۔ یہ صلاح کرکے آئے۔ جناب! آپ ووٹ کے لیے put کر دیں۔

Mr. Chairman: I now put the resolution before the House.

(The resolution was adopted)

Mr. Chairman: The resolution is passed and the proclamation stands approved.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: Oppose کسی نے نہیں کی۔

جناب چیئرمین: نہیں، نہیں ہوئی۔Oppose صرف وہ کر سکتے ہیں جب بیٹھے ہوئے ہوں۔

(اس موقع پر ایوان میں اذانِ مغرب سنائی دی)

Mr. Chairman: We will have a break and will reassemble after 15 minutes.

[Followed by T08]

T08-14Oct2026 Rafaqat Waheed/Ed: Mubashir 5:50 pm

[The House reassembled after Maghrib prayers with Mr. Deputy Chairman (Senator Syedal Khan) in the Chair]

جناب ڈپٹی چیئرمین: ابھی ہم آرڈر نمبر ۳ لیتے ہیں۔ کامل علی آغا صاحب، چیئرمین، قائمہ کمیٹی برائے سائنس و ٹیکنالوجی آرڈر نمبر ۳ پیش کریں۔

Senator Kamil Ali Agha: Thank you Mr. Chairman. I, Chairman, Standing Committee on Science and Technology, present report of the Committee on a bill to regulate the manufacture, import, export and sale of general cosmetics [The Pakistan General Cosmetics Bill 2026].

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں مانڈوی والا صاحب؟

سینیٹر سلیم مانڈوی والا: چیئرمین صاحب! میری ایک request تھی۔ اس میں کچھ amendments تھیں جو آغا صاحب کی کمیٹی کو دینا رہ گئی تھیں تو اس حوالے سے میں نے آغا صاحب سے request کی ہے کہ اگر اس رپورٹ کو دوبارہ کمیٹی کی طرف refer کر دیں تو یہ amendments ہم ان کو دے دیں اور اس کے بعد یہ present کر دیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اگر مناسب سمجھتے ہیں تو میں تھوڑا background دے دوں۔ جو مانڈوی والا صاحب نے کہا، سر آنکھوں پر ہے۔ اگر تو دو تین amendments ہیں تو بے شک ہاؤس میں ہی دے دیں۔ ایک بات کروں گا، پرائم منسٹر صاحب نے ایک special committee constitute کی تھی which was convened by myself, Minister for Science &

Technology and Minister for Defence Production تھے اس وقت، ہم نے examine کیا کیونکہ اس میں spurious کی بڑی شکایت ہے اور skin diseases اور infection کی اور یہ جو اشتہاروں پر بکتی ہیں، رنگ گورا کرنا اور یہ سارا کچھ تو وہ سب کچھ regulate کرنے کے لیے کیا تھا۔ سلیم صاحب! صرف اتنا ہے کہ اگر آپ دوبارہ refer کروا رہے ہیں تو time bound کردیں۔ پہلے ہی بہت دیر سے یہ معاملہ اٹکا ہوا ہے۔ آغا صاحب! اگلے ہفتے میں یا دو چار دن میں میٹنگ رکھ لیں، اس کو incorporate کرلیں۔

سینیٹر کامل علی آغا: جناب! مجھے کوئی اعتراض نہیں اگر کمیٹی اس کو reconsider کرلے۔ Amendments بھی آجائیں گی، میں کوشش کروں گا کہ ہفتے دس دن کے اندر یہ کام ہو جائے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! اگلے week میں ہی دے دیں۔ سیشن چل رہے ہیں، یہ معاملہ بڑی دیر کا پڑا ہوا ہے۔

سینیٹر کامل علی آغا: میں اگلے week میں ہی دے دوں گا۔ کوئی مسئلہ نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: چلیں! اس رپورٹ کو واپس کمیٹی کو بھیجا جاتا ہے۔ آپ کوشش کریں کہ one week میں یہ ہو جائے۔

سینیٹر کامل علی آغا: میں کہتا ہوں کہ کسی وقت کوئی منسٹر available نہیں ہوتا، کچھ اور ہو سکتا ہے۔ ویسے تو رضا حیات صاحب پہلے بھی تشریف لائے تھے۔ منسٹر صاحب بھی آئے تھے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: چلیں، ایک ہفتہ ہے۔

سینیٹر کامل علی آغا: اس معاملے پر detailed discussion ہو چکی ہے لیکن یہ amendment جو سلیم مانڈوی والا صاحب ابھی propose کر رہے ہیں، یہ ہمارے سامنے نہیں تھی ورنہ ہم اس کو بھی discuss کر لیتے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آرڈر نمبر ۴۔ سینیٹر سلیم مانڈوی والا صاحب، آرڈر نمبر ۴ پیش کریں۔

Presentation of Report of the Standing Committee on Finance and Revenue on [The Foreign Investment (Promotion and Protection) (Amendment) Bill, 2026]

Senator Saleem Mandviwalla: I, Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue, present report of the Committee on a Bill to amend the Foreign Investment (Promotion and Protection) Act, 2022 [The Foreign Investment (Promotion and Protection) (Amendment) Bill, 2026], introduced by Senator Manzoor Ahmed on 11th May, 2026.

جناب ڈپٹی چیئرمین: رپورٹ پیش کردی گئی۔آرڈر نمبر ۵۔ سینیٹر رانا محمودالحسن صاحب،آرڈر نمبر ۵ پیش کریں۔ان کے behalf پر کوئی اور رکن پیش کردے۔

Presentation of Report of the Standing Committee on Cabinet Secretariat on [The Regulation of Virtual Assets Bill, 2026]

Senator Dr. Afnan Ullah Khan: On behalf of Senator Rana Mahmood ul Hassan, Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat, I hereby present report of the Committee on a Bill to provide a regulatory framework for virtual assets, the creation of virtual asset zones, and related matters in Pakistan [The Regulation of Virtual Assets Bill, 2026], introduced by Senator Dr. Afnan Ullah Khan on 19th January, 2026.

جناب ڈپٹی چیئرمین: رپورٹ پیش کردی گئی۔آرڈر نمبر ۶۔ سینیٹر امیر ولی الدین چشتی صاحب،آرڈر نمبر ۶ پیش کریں۔ان کے behalf پر ندیم بھٹو صاحب پیش کریں۔

Presentation of Report of the Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination on [The Electronic Nicotine Delivery Systems (Regulation) Bill, 2025]

Senator Nadeem Ahmed Bhutto: On behalf of Senator Amir Waliuddin Chishti, Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination, I hereby present report of the Committee on a Bill to regulate the production, distribution, sale and use of Electronic Nicotine Delivery Systems (ENDS) and related products, and to protect public health [The Electronic Nicotine Delivery Systems (Regulation) Bill, 2025], introduced by Senator Sarmad Ali on 1st December, 2025.

جناب ڈپٹی چیئرمین: رپورٹ پیش کردی گئی۔آرڈر نمبر ۷۔ سینیٹر فیصل سلیم رحمٰن صاحب،آرڈر نمبر ۷ پیش کریں۔ان کے behalf پر سینیٹر پلوشہ صاحبہ پیش کردیں۔

Presentation of Report of the Standing Committee on Interior and Narcotics Control on [The Islamabad Consumers Protection (Amendment) Bill, 2026]

Senator Palwasha Mohammed Zai Khan: On behalf of Senator Faisal Saleem Rehman, Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control, I hereby present report of the Committee on a Bill further to amend the Islamabad Consumers Protection Act, 1995 [The Islamabad Consumers Protection (Amendment) Bill, 2026], introduced by Senator Samina Mumtaz Zehri on 18th May, 2026.

جناب ڈپٹی چیئرمین: رپورٹ پیش کر دی گئی۔

(Followed by T09)

T9-14Oct2026 Naeem Bhatti/ED; Waqas 6:20 pm

جناب ڈپٹی چیئرمین: رپورٹ پیش کر دی گئی۔ Order No. 8. Senator Faisal Saleem Rehman, on his behalf Senator Palwasha Mohammed Zai Khan, جی آپ Order No. 8 move کریں۔

Presentation of report of the Standing Committee on Interior and Narcotics Control regarding [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2026]

Senator Palwasha Mohammed Zai Khan: I, on behalf of Senator Faisal Saleem Rehman, Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control, present report of the Committee on a Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 and Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2026] (Insertion of new section 338CA in PPC and subsequent amendment of Schedule II of Cr.Pc), introduced by Senator Samina Mumtaz Zehri on 24th August, 2026.

جناب ڈپٹی چیئرمین: Report پیش کر دی گئی۔ Order No.11. Senator Danesh Kumar کا توجہ دلاؤ نوٹس ہے۔

سینیٹر دنیش کمار: شکریہ، جناب چیئرمین! میں نے وزیر برائے مذہبی امور کو کہا تھا لیکن وہ تو آئے نہیں ہیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وزیر برائے قانون و انصاف) : جناب والا! وہ آئے تھے، ان کا خیال ہو گا کہ debate شروع ہو گئی ہے اور چلے گی۔ اگر آپ deferment چاہتے ہیں تو اسے defer کر دیتے ہیں، کوئی جواب آیا ہوتا تو دے دیتے۔ اس کو next sitting میں لے لیں گے۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب چیئرمین! اس کو دیکھ لیجیے گا۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جی میں نے پڑھا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی Order No. 11 defer کیا جاتا ہے۔ Order No. 12, Senator Jan Muhammad کا توجہ دلاؤ نوٹس ہے۔ وہ نہیں ہیں، اسے defer کیا جاتا ہے۔ اگر کسی نے بات کرنی ہے تو بات کر لیں، agenda تو ختم ہو گیا ہے۔ جی مولانا عطاء الرحمٰن صاحب۔

Point of Public Importance raised by Senator Atta-ur-Rehman regarding the role of political parties in supporting undemocratic measures

سینیٹر عطاء الرحمٰن: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب ڈپٹی چیئرمین! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے بات کرنے کا موقع دیا۔ پہلے جو بحث چل رہی تھی، میں اسی سلسلے میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ محترم ذوالفقار علی بھٹو صاحب نے پیپلز پارٹی کی تشکیل اس وقت کی تھی جب انہوں نے آمریت کے خلاف آواز اٹھائی تھی اور یقیناً انہوں نے ایک جمہوری انداز میں پیپلز پارٹی کو ترتیب دیا تھا لیکن آج بڑے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ جب یہ کہتے ہیں کہ آئین کا تقاضا ہے، دیکھیں شریعت میں بھی بہت ساری چیزیں جائز ہوتی ہیں لیکن اس کے یہ معنی نہیں ہوتے کہ اس پر فی الفور عمل کیا جائے۔ طلاق قرآن و سنت کے مطابق جائز ہے اور ماحول کے مطابق دی جا سکتی ہے لیکن اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ ہر کوئی اٹھے اور کہے کہ قرآن و سنت اور آئین میں جائز ہے تو ہم طلاق پر طلاق دیتے رہیں گے، ایسا نہیں ہوتا ہے۔ ہمیں جمہوری روایات کے مطابق کم از کم پیپلز پارٹی سے یہ توقع نہیں تھی کہ وہ آئینی ہو اور اس طرح کے تقاضوں کو پورا کرے۔ دوسری بات یہ ہے کہ ہم اس کے مخالف تھے کہ الیکشن کو ہمیشہ hijack کیا جاتا ہے، 2024 کے الیکشن کو بھی hijack کیا گیا اور اپنی مرضی کے لوگوں کو لایا گیا۔ کیا KP میں لائی گئی حکومت ہماری مرضی سے لائی گئی تھی؟ افغانستان میں ایک پرانا قصہ مشہور ہے کہ لغمان میں ایک شخص تھا، وہ شام سے پہلے گھر کے صحن میں بیٹھا ہوا تھا، آسمان بھی نیلا تھا اور بادل بھی نہیں تھے، کچھ بھی نہیں تھا، وہ اندر چلا گیا اور رات گزاری، صبح نکلا تو پہاڑوں پر برفباری ہو چکی تھی، بارش بھی تھی اور سردی بھی تھی۔ جب اس نے آسمان کی طرف دیکھا تو وہ پھر اسی طرح نیلا ہے، وہاں اور کچھ نہیں ہے تو اس نے خود کہا کہ اب پھر اپنے آپ کو نیلا کر

دیا ہے، میں نے تو کچھ نہیں کیا ہے۔ رب کی قسم یہ بارش بھی تو نے برسائی ہے، یہ برف بھی تو نے برسائی ہے اور سب کچھ تو نے کیا ہے۔ پیپلز پارٹی کو جمہوری انداز رکھنے والوں نے چلایا تھا، ان کو نہیں چاہیے تھا کہ اس طرح کے اقدامات کو support کریں۔ مسلم لیگ (ن) کی تو ہم بات ہی نہیں کرتے ہیں، ان کے بارے میں تو ہمیں پہلے سے ہی علم ہے کہ کون لوگ ہیں، کیا کرتے ہیں، کیا نہیں کرتے۔

جناب والا! اس وقت جو ہمارا ماحول بنا ہوا ہے، میں نے پہلے بھی گزارش کی کہ کیا KP میں حکومت ہم لائے تھے اور گزشتہ تیرہ سالوں سے یہ لوگ حکومت کر رہے تھے تو ان کی سرپرستی کون کر رہا تھا، کون تھا جو انہیں support کر رہا تھا؟ آج ہم پی ٹی آئی کے خلاف نہیں ہیں لیکن اس طرح کے اقدامات سے کیا جمہوریت پنپ پائے گی؟ کیا ہم اس قوم اور ملک کو جمہوریت کے راستے پر ڈال رہے ہیں؟ ہم اس طرح کے اقدامات کرکے اپنی نوجوان نسل کو کیا سبق دینا چاہتے ہیں؟ ہماری establishment جو چاہے کرے، جس کو چاہے لائے، جس کو بھیجنا چاہے بھیج دے اور پھر اس طرح کی جمہوری پارٹیاں ان کو support کریں، یہ کم از کم ہماری عقل و دانش سے باہر ہے کہ اس طرح کے معاملات میں بھی ان کو support کیا جائے۔ بہت ساری چیزیں ایسی ہوتی ہیں کہ جس پر آپ کو آئین راستہ دے گا لیکن کیا آپ کو اپنی جمہوری جماعت، آپ کی پارٹی، آپ کا slogan بھی آپ کو اجازت دیتا ہے، اگر وہ اجازت نہیں دیتا اور آپ کی اپنی کچھ روایات ہیں، بدقسمتی یہ ہے کہ اب یہاں جب بھی کبھی کوئی غیر جمہوری اقدامات ہوتے ہیں تو انہیں ہمارے ان سیاسی قائدین کی support حاصل ہوتی ہے۔ میں پھر یہ کہوں گا کہ اب وہ والی پیپلز پارٹی نہیں رہی جو جناب ذوالفقار علی بھٹو صاحب نے بنائی تھی، یہ اب زرداری صاحب کی پیپلز پارٹی بن گئی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ اصل موضوع پر بات کریں۔ زرداری صاحب ملک کے صدر ہیں۔

سینیٹر عطاء الرحمٰن: جناب والا! میں انہیں صدر کی حیثیت سے نہیں کہہ رہا، وہ پیپلز پارٹی کے مشر تو ہیں اور یہ آپ مانیں گے۔ جب وہ پیپلز پارٹی کے مشر ہیں اور ان کے ہوتے ہوئے میرے خیال میں یا تو وہ روایات بدل گئی ہیں یا ہمارا طریقہ کار بدل گیا ہے۔ اس لیے ہمیں کم از کم ان چیزوں کو support نہیں کرنا چاہیے۔ پھر ایوان میں لا کر اس طرح کی چیزوں کو support کرنا، ابھی ہم اِدھر بیٹھے ہیں اور اُدھر ٹی وی پر ticker چل رہا ہے کہ سینیٹ نے بھی pass کر دیا ہے، اُس نے بھی pass کر دیا ہے، یہ کیسی روایات ہیں، کس طرح کی باتیں ہیں۔ یہاں سے Opposition walkout کر رہی ہے، وہ باہر جا رہی ہے اور اُدھر سے اعلان ہو جاتا ہے کہ یہ pass ہو گیا ہے، یہ ہماری روایات کے خلاف ہے۔ میں اس پر احتجاج بھی کرتا ہوں اور آپ کے ہوتے ہوئے ایوان کے سامنے بھی یہ گزارش کروں گا کہ کم از کم اس طرح کی چیزوں کی support یہاں سے نہیں ہونی چاہیے، باقی پھر دیکھیں گے کہ کیا ہوتا ہے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی شیری رحمان صاحبہ۔ (جاری۔۔۔T/10)

T10-14Oct2026 Ali/Ed: Neelam 06:30 pm

Senator Sherry Rehman

سینیٹر شیری رحمان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، ڈپٹی چیئرمین صاحب، آج بہت ساری باتیں ہوئی ہیں اور ہمارے اپوزیشن کے دوست بھی گرج برس رہے تھے اور واک آؤٹ کر گئے ہیں اور سننا موزوں نہیں سمجھا، لیکن ابھی مولانا صاحب نے پاکستان پیپلز پارٹی کی بات کی تو میں ان کو یقین دلانا چاہتی ہوں کہ بہت سال گزر گئے لیکن شہید ذوالفقار علی بھٹو سے صدر زرداری تک اس پارٹی کے لیے بہت تلخ سفر رہا ہے اور جمہوریت کی بڑی شکلیں بھی دیکھی ہیں اس پارٹی نے، اس قوم نے بھی اور ہم سب نے اور ہمارے کارکنوں سے قیادت تک سب نے قربانی کا ایک مثالی کردار ادا کیا ہے۔

میں یہ lecture نہیں دوں گی کہ ایمرجنسی کیوں لگی، کیسے لگی، کیونکہ اپوزیشن کے بہت سارے پی ٹی آئی کے دوست نہیں بیٹھے ہیں، بصد احترام میں اتنا ضرور کہوں گی کہ میں اس team میں تھی جس میں negotiations ہوئیں اور بہت ساری باتیں ہوئیں اور رانا صاحب بھی اس میں موجود تھے۔ یہ تو طے ہو گیا تھا کہ جو جو مسئلے مسائل تھے اور دہشت گردی ہمارے لیے بہت بڑا ایک نہ صرف ناسور ہے بلکہ ہمارے لیے ایک red line ہے۔ شاید کسی اور کو نظر نہ آئے یا سمجھ نہ آئے، لیکن پیپلز پارٹی کے لیے اور میں سمجھتی ہوں قوم اور ملک کے لیے بھی ہونی چاہیے، i am sure آپ کے لیے بھی ہے، آپ کی پارٹی بھی target رہ چکی ہے۔

میں یہ ضرور کہوں گی کہ ان مذاکرات میں terrorism کا issue سر فہرست تھا، دہشت گردی سر فہرست تھی، وہ اس لیے کہ تین باتیں ہیں اس کے بارے میں terrorism کوئی side issue نہیں ہے، اس کا وہی تھا جس کا تحریری معاہدہ تیار رکھا تھا، پی ٹی آئی کی قیادت اور فیڈرل گورنمنٹ کے درمیان۔ وہ signature ہونے تھے اور ایک دوسرا مشترکہ اعلامیہ تینوں فریقین کے درمیان ہونا تھا۔ Literally ہم ثالث کے طور پر وہاں بیٹھے تھے اور ہمارا جو بھی کردار رہا، دیکھیے آپس میں جو باتیں ہوئیں، یہ مجھے زیب نہیں دیتا کہ میں ان کو repeat کروں کیونکہ ایک اعتماد کا جو بھی ماحول تھا اور خیر سگالی کا ماحول تھا، اسی میں ہوئیں اور ہماری کوشش اسی طرح رہنی چاہیے، کیونکہ پیپلز پارٹی نے ہی insist کیا کہ ہر وہ آخری کام کیا جائے، ہر option

test کیا جائے، ایسے نہ ہو کہ ملک میں آخری option استعمال کیا جائے اور چیئرمین بلاول نے بار بار کہا یہ ہمارے لیے آخری option ہے۔

تو یہاں بہت ساری باتیں ہوئیں کہ پہلے سے تیاری ہوئی تھی، اگر تیاری بھی ہوئی ہوتی، تو ایک تو ہم مہلت نہیں لیتے، وقت کی مہلت ہم نے لی اور کہا کہ آپ لوگ خیبر پختونخوا جائیے اور وہاں اپنی باتیں طے کر کے واپس آیئے، کیونکہ ظاہر ہے ان کی قیادت نہیں آئی اور اس meeting میں ان کی قیادت کو ہونا چاہیے تھا۔ ہمارے پاس ایک صوبہ ہوتا ہے اور جب دہشت گردی یا کسی بھی حوالے سے ان کے ساتھ معاہدہ طے ہونا ہو تو صوبے کا CM یا ان کے متعلقہ لوگ وہاں موجود ہونے ہیں۔ ہم نے کہا کہ ان کو لے کر آیئے، عزت سے ہم بیٹھے تھے اور باتیں بھی بہت اچھے ماحول میں ہوئیں، ظاہر ہے تلخ حقیقت تو بیان ہوتی ہے اور آخر میں بات یہ ہوئی کہ میں نے صرف پوچھا کہ بھئی! یہ جو لانگ مارچ ہو رہا ہے، وہ آپ بے شک کرتے رہیں اگر آپ نے کرنا ہے، جو کچھ وہ صوبے میں کر رہے ہیں، ہمیں اس سے کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن فیڈرل گورنمنٹ کا بھی یہی کہنا تھا کہ CBMs ہونے چاہیں، CBMs یعنی آپ اپنا trust بڑھائیں۔ Trust بڑھانے میں کیا ہوتا ہے؟ یہ ہوتا ہے کہ پھر آپ کچھ دیتے ہیں اور ہم کچھ دیتے ہیں۔

ہم نے ساری زندگی مذاکرات کیے ہیں، کبھی political party سے، MRD کے دنوں سے، پھر ARD کے دنوں سے، پھر بہت ایسے ادوار گزرے۔ دوسرے ممالک سے بھی مذاکرات میں ہمارے ساتھ بہت سے لوگ آ چکے ہیں، diplomacy میں بھی، international diplomacy میں بھی اور میں صرف ایک بات کہوں گی کہ فریقین جتنے بھی ہوں، معاہدے ان سے sign ہوتے ہیں جو تھوڑی ذہن سازی کرکے آتے ہیں کہ ہم اتنی لچک ضرور دکھائیں گے کہ ہمارے پاس space ہے۔ تو میں یہ ضرور کہوں گی کہ پی ٹی آئی کی جو federal team آئی ہوئی تھی، انہوں نے صدق دل سے ہمارے ساتھ کوشش کی اور ہم نے بھی ان کے ساتھ حت الامکان کوشش کی کہ آخری وقت تک ان کے changes ہم کرتے رہیں۔ یہاں کوئی فاضل ڈاکٹر صاحب بیٹھے تھے، ہمیں access چاہیے؛ ان کا access agree ہو گیا تھا، ان کے lawyers کا access agree ہو گیا تھا، مالج کی ظاہر ہے جو jail manual میں ہے، وہ سب کے لیے ہونا چاہیے اور ہم کیونکہ یہ سب بھگت چکے ہیں تو کیسے نہیں ہوتا؟ یہ ساری باتیں resume ہونی تھیں لیکن ان کا بار بار یہ کہنا تھا

کہ ٹھیک ہے یہ کرتے جائیں، یہ کرتے جائیں، honourable Leader of Opposition موجود تھے، انہوں نے بھی بہت اچھا کردار ادا کیا۔

اگلے دن بات ہوئی تو انہوں نے کہا کہ ہم empowered ہیں۔ تو ہم دیکھ رہے تھے کہ کوئی KP سے آیا نہیں، بات چیت ان سے کرنی تھی کہ آخر دہشت گردی کیوں اتنی اہم ہے؟ اگر کسی کو خیال نہیں ہے تو میں اتنا بتا دوں کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے لیے دہشت گردی کیوں ایک سرخ لکیر ہے؟ شہید ذوالفقار علی بھٹو کے عدالتی قتل کے بعد، کچھ دوست یہاں بیٹھے ہیں، اب وہ چلے گئے ہیں، انہوں نے تو celebrate کرتے ہوئے resolutions نکالی تھیں۔ اب میرا منہ نہ کھلوائیں کہ ضیاء الحق کے مارشل لا کو کس نے دوام دیا اور کس نے مدد فراہم کی، ہم نے نہیں کی، لیکن یہ پارٹی کبھی ریاست کے خلاف کھڑی نہیں ہوئی۔ ملک ہے تو ہم ہیں، ہمیں یہی سکھایا گیا، ریاست ماں کی طرح ہوتی ہے، ہمیں یہی سکھایا گیا اور ماں کو ہم نے واپس کچھ دینا بھی ہوتا ہے، ماں کی بھی تحفظ کرنی ہوتی ہے۔ تو جب ہماری شہادتیں ہونے لگیں 2007 سے، آپ سب کو یاد ہے، سوات میں پاکستان کا جھنڈا ہٹا دیا گیا تھا اور محترمہ شہید کا آخری جلسہ تھا، انہوں نے بار بار کہا کہ آپ لوگ میرے ساتھ مل کر پاکستان کا جھنڈا واپس لگائیں گے، آپ مدد کریں گے اور ہم آپ کے لیے لڑائی لڑیں گے۔ یہ کہتے کہتے محترمہ شہید ہو گئیں اور اس وقت اس کے بعد ہماری حکومت آئی، اس آخری جلسے میں انہوں نے یہ بات کہی، اس جلسے کے بعد وہ اپنے گھر نہیں پہنچ سکیں، وہ ان کا آخری سفر تھا۔ انہوں نے اپنا لہو دیا ہے، اس سے پہلے پاکستان پیپلز پارٹی کی جو کارساز میں شہادتیں ہوئی ہیں، وہ اتنی زیادہ شہادتیں تھیں کہ سب نے کہا کہ یہ پورے ملک میں دہشت گردی کا سب سے بڑا incident ہے۔

اس کے بعد 27 دسمبر کو، مجھے یاد ہے، ہم لیاقت باغ میں اپنے colleagues کی، اپنے ساتھیوں کی، کارکنوں کی میتیں اٹھا رہے تھے، ہمارے پاس ambulances نہیں تھیں، میتیں اٹھاتے اٹھاتے ہسپتال پہنچے ہیں تو پتہ چلا کہ محترمہ تو یہاں پر ہیں اور وہ شہادت کے نزدیک ہیں یا انہوں نے نوش کر لی ہے۔ مجھے سمجھ نہیں آتا کہ لوگ کیوں اسے اتنا non-serious لیتے ہیں، کیوں دہشت گردی ہمارے لیے negotiable ہے؟ why is it negotiable? why is it a problem? کہ ہم جب کہتے ہیں کہ دہشت گردی اتنی انتہا تک پہنچ گئی ہے، تو آپ اپنی پولیس کو کیوں نہیں آگے لانا چاہ رہے ہیں؟ دوسرے صوبے کر رہے ہیں، صوبے کے بغیر کوئی جنگ نہیں لڑی جا سکتی، صوبہ وہاں front line پر ہے اور آپ کے پی ٹی آئی کے لوگوں نے کہا آپ لوگ صحیح کہہ رہے ہیں، ہم بالکل own کر رہے ہیں، ہم لڑنا چاہتے ہیں۔ ہمیں ان کی فیڈرل جماعت یہ کہہ کے گئی ہے I acknowledge it and we are glad that they said

لیکن کے پی کی قیادت کے زمینی حقائق کچھ اور ہیں اور کارکردگی کچھ اور ہے۔ میں آپ کو اتنا بتادوں اعداد و شمار ہیں اور میں ہوا میں بات نہیں it.

کر رہی ہوں، دو سال میں 195% دہشت گردی میں اضافہ ہوا ہے almost 200%. As a front-line political

worker میں یہ صورتحال تسلیم کرنے کے لیے ready نہیں ہوں کہ جب میں ڈی آئی خان جاؤں اور مجھے کہیں کہ آپ ساڑھے چار بجے

کے بعد باہر نہیں جاسکتیں۔ اگر آپ قبول کرنے کو تیار ہیں تو میں نہیں ہوں، میری سرزمین میری سرزمین ہے، عورتوں کے لیے، مردوں کے لیے،

سب کے لیے ہے۔ یہ پاکستان پیپلز پارٹی ہے ہم woman card نہیں کھیلتے، ہم سارے کے سارے شہادتیں دینے کو تیار ہیں، ہم ملک بچانے

کے لیے اپنی پولیس اور فوج کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ان کے جتنے بھی funerals ہو رہے ہیں، کون پہنچتا ہے ان میں؟ کبھی آپ کے گھروں میں

ایسی گھڑی گزری ہے؟ (جاری۔۔۔T11)

T11–14Oct2026 Imran/ED: Mariam 06:40 pm

سینیٹر شیری رحمان: (جاری۔۔۔) ہم اپنے پولیس اور فوجیوں کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔ اُن کے جتنے بھی funerals ہو رہے ہیں،

اُن میں کون پہنچتا ہے؟ آپ کے گھروں پر کبھی ایسی گھڑی گزری ہے جب آپ کا بچہ یا فرزند شہید ہوتا ہے یا جب وہ اپنے time سے پہلے اللہ کو

پیارا ہو جاتا ہے یا جب آپ کو اپنے بچوں کو دفن کرنا ہوتا ہے نا پھر آپ کو پتا چلے گا۔ اللہ کرے کہ کسی پر یہ آفت نہ آئے لیکن اُن فوجیوں کی ماؤں

کو دیکھیں، اُن کی بہنوں کو دیکھیں، اُن کی بیٹیوں کو دیکھیں اور اُن کا حشر دیکھیں، اُن کے والد کو دیکھیں، اُن کے بھائیوں کو دیکھیں، جب وہ تمغے لینے

آتے ہیں تو میری آنکھوں میں تو بہت آنسو ہوتے ہیں اور ہونے بھی چاہیں۔ یہ کوئی بوٹ پالش نہیں ہو رہا، یہ ہونے چاہیے۔ عام سپاہی وہاں جانیں

دے رہا ہے۔ روز اس بات کی گونج ملک میں آ رہی ہے۔ ایک طرف ہندوستان بیٹھا ہے اور ایک طرف افغانستان سے TTP کی اور دیگر خوارج کی

بات چل رہی ہے کہ وہ دوام پکڑ رہے ہیں، ہم بیٹھے ہیں یہاں کہ KP تیار نہیں ہے۔ KP کی priority کہاں ہے؟ وہ کیا کام کر رہے ہیں؟

مطلب what is the priority کہ صرف خان کو جیل سے نکالنا ہے۔ بے شک آپ نکالیں لیکن میں اُس پارٹی سے ہوں کہ آپ مجھ

سے ذلفقار علی بھٹو سے زرداری تک کی بات کریں۔ جہاں زرداری صاحب کو پچھلے دور میں بھی، اِنہی کے دور میں، PTI کے دور میں، جب

اُنہیں گھر سے لے کے گئے تو اُنہوں نے پولیس کو چائے پلائی اور مجھے سب کے سامنے عدالت میں ڈانٹا کہ کیوں قافلہ لے کر آئی ہو؟ مجھے آپ

لوگوں کی ضرورت نہیں ہے، یہ میں لڑلوں گا۔ میں جب 12 سال جیل میں رہا تو میں نے پارٹی کو کسی امتحان میں نہیں ڈالا کہ چھاؤنیوں میں نکلو

اور جناح ہاؤس پر attack کرو، یہ کرو یا وہ کرو۔ ایسا کبھی نہیں کیا کہ ہم capital city کو under siege کریں گے۔ یہ کبھی بھی نہیں ہوا ہے۔ That's not done.

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی۔

سینیٹر شیری رحمان: نہیں جناب نہیں۔ چیئرمین صاحب چلے گئے ہیں۔ میں نے 29 minutes کا time جو بیرسٹر نے یہاں پر لیا ہے، میں نے وہ time لیا تھا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: 29 منٹ!

Senator Sherry Rehman: He spoke for 29 minutes. My party is bigger so I will speak for 30 minutes. Thank you very much.

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ آج 50 percent کر لیں اور 50 percent جمعہ والے دن کر لیں۔

سینیٹر شیری رحمان: نہیں، joint session کی تو الگ بات ہے۔ میں آپ سے گزارش کر رہی ہوں کہ پاکستان کے لیے یہ بہت اہم موڑ ہے۔ اس کو ہمیں lightly نہیں لینا چاہیے۔ ہم اس پر سیاست در سیاست بھی نہیں کر رہے، یہ ہمارے لیے ایک security issue تھا اور security کے مسئلے پر کوئی bargain نہیں ہو سکتی۔ آپ suddenly کیا سننا چاہتے ہیں، میں Information Minister تھی جب اُنہوں نے کہا تھا کہ 60 miles from Islamabad, the Taliban are coming. میں پھر ایسا نہیں سننا چاہتی ہوں۔ 60 miles والی بات مجھے نہیں سننی ہے۔ پاکستان کسی کی جاگیر نہیں ہے کہ یہاں اس طرح کا کھلواڑ ہو کہ ہم اور طالبان بھائی بھائی ہیں۔ کس طرح بھائی ہیں؟

آج ان کے CM آفریدی نے حلف لے کر کہا ہے اور بار بار کہا ہے کہ میں دہشت گردی کے خلاف نہیں لڑوں گا، میں طالبان کے خلاف نہیں لڑوں گا۔ یہ اُنہوں نے public میں کہا ہے اور انہوں نے اگلے دن رات کو ڈھائی بجے اپنی ہی team کے پیروں تلے سے زمین کھینچی ہے۔ اگلے دن 8 بجے، میں پھر بتاؤں گی کہ ہم معاہدے کے بالکل نزدیک آ گئے تھے۔ جو language وہ کہتے تھے ہم accommodate کرتے تھے۔ چار دفعہ اپنے اپنے لیڈران سے بات ہوئی، President سے، Prime Minister سے اور draft agree ہو گیا تھا لیکن پھر کھلتا تھا۔ میں نے کہا بھائی! اُدھر سے agreement ایک اور بات کرنی ہے۔ محسن نقوی کہہ کے گئے

ہوں گے، وہ agreement بار بار کھل رہا ہے کہ نہیں جی، یہ نہیں ہو سکتا، تو یہ نہیں ہو سکتا۔ بھائی! آپ صبح agree کرکے شام کو مکر جاتے ہیں۔

اب دیکھیے، ان حساس معاملوں میں U-turn نہیں ہو سکتے۔ آپ پاکستان کی security کے ساتھ نہیں کھیل سکتے اور آپ مجھے کیوں کہیں گے کہ معاملہ اب خراب ہو گیا ہے۔ معاملہ خراب کس نے کیا؟ اگر ہم لوگ interested نہیں ہوتے تو وہاں کس لیے رات بھر بیٹھے ہوئے تھے؟ ہم دو راتوں تک بیٹھے رہے۔ ہم 3 بجے تک بیٹھے رہے، واپس گئے تو اسپیکر صاحب اور میں نے کہا کہ اُس وقت بھی اگر یہ واپس آنا چاہتے ہیں تو دروازہ کھلا رکھو، گھر مت جاؤ اور ہم گھر نہیں گئے۔ اُن کی team واپس آئی کہ صبح بات کر لیتے ہیں۔ ہم نے کہا بالکل ٹھیک ہے، صبح بات کرتے ہیں۔ Record کی بات ہے لیکن KP والوں نے اُن پر veto کر دیا۔ یہ بات کوئی سننے کے لیے ready نہیں ہے۔ Veto ہو گیا۔

اگلے دن میں نے بیرسٹر گوہر سے خود پوچھا کہ میں وہ تصویر بھی نہیں چھاپتی جو ہم نے ایک ساتھ بیٹھے ہوئے کھینچی ہے۔ ہر چیز کی permission لی۔ ہر چیز کی اجازت لی۔ مہذب طریقے سے کام کیا لیکن نہیں! اب اگر سیاست کرنی ہے تو پھر ہمیں بھی آتی ہے۔ آپ پھر نہ کہیں کہ مرہم! مرہم! میری بھی پارٹی پوچھتی ہے کہ آپ کا کیا نرم گوشہ ہے؟ پھر ہم سے پوچھتے ہیں کہ کیا آپ کا opposition کی طرف یا PTI کی طرف نرم گوشہ نہیں ہے؟ ہم کہتے ہیں کہ ایسی کوئی بات نہیں ہے، ہمارا نرم گوشہ جمہوریت کی طرف ہے، انسانیت اور اخلاق کی طرف ہے اور وہ ہونا بھی چاہیے۔

ان Houses کو اور جمہوریت کو تماشا بنا دیا ہے اور کس نے یہ emergency impose کی ہے؟ جب تاریخ لکھی جائے گی تو یہ ایک دکھ سے بھری دستاویز ہو گی کہ کس نے پاکستان پر یہ emergency impose کی ہے۔ ہم نے نہیں کی ہے۔ ہم نے اس میں بہت رکاوٹیں ڈالی لیکن آپ ہر agreement پر، ہر معاہدے پر حربے ڈال رہے تھے اور میں نے ایک لمبی tweet بھی ڈالی تھی کہ مجھے دیکھ کر دکھ ہوا کہ پاکستان کے لیے PTI نے کس طرح یہ سنہری موقع کھویا ہے کیونکہ پاکستان کو استحکام کی ضرورت ہے، political stability کی ضرورت ہے جو موقع PTI نے کھو دیا۔ PTI نے کس کے کہنے پر اور کس کی ایما پر کھویا، وہ سب بتا کے گئے ہیں۔ ملک سے، باہر سے بھی phones آ رہے تھے۔ معاف کیجیے گا، میں اُس کا مان رکھوں گی کیونکہ میں نے سنا ہے، وہ دوسرے کمرے میں تھے۔ Team under

pressure آ گئی ہے۔ 8 بجے سے ڈھائی بجے تک بار بار باہر آتے تھے کہ جی، یہ language change کر دیں۔ کوشش کر کے کر رہے ہیں، جو انگریزی میں کرنا ہوتا تھا یا جو اردو میں کرنا ہوتا تھا تو فون کر رہے ہیں کہ یہ جانے دیں، یہ جانے دیں۔

ان کی جتنی خواتین اور دیگر جو 3 MPO کے تحت arrest ہوئے تھے، اُن کی بھی رہائی کی بات ہو گئی تھی۔ سب کی بات ہو گئی تھی اور تو ہم نے تو ہر چیز پر agree کر لیا تھا۔ وہ کہتے تھے ہمیں خان سے ملنا ہے یا اچکزئی صاحب کو خان سے ملنا ہے، اچکزئی صاحب ہمارے لیے بہت بسد احترام ہیں، 20 نہیں بلکہ 25 سال سے میں کبھی NA میں اور کبھی یہاں اُن کے ساتھ کام کر رہی ہوں تو .he wasn't there

بھائی! جس نے ملنا ہے آپ CBMs شروع کریں۔ اعتماد سازی کا عمل شروع کریں۔ دنیا میں مذاکرات میں چاہے وہ سیاسی ہوں، جمہوری ہوں، international ہوں، ریاستوں کے درمیان ہوں، parties کے درمیان ہوں تو وہ اسی طرح ہوتے ہیں۔ CBMs ہوتے ہیں، اعتماد سازی کا عمل شروع ہوتا ہے، ساری باتیں ہم agree کر چکے تھے اور میں کہوں گی کہ وہ بھی agree کر رہے تھے۔ جب اُنہوں نے کہا کہ ہم دہشت گردی کو own کرنا چاہتے ہیں لیکن اگر آپ کی صوبائی قیادت تسلیم نہیں کرنا چاہتی اور وہ جھنڈا اٹھا کر اور قسم کھا کر کہہ رہی ہے کہ ہم نہیں fight کریں گے تو آپ بتائیں کہ revolving door تو نہیں ہو سکتا کہ یہاں سے ایک دروازہ ہمارے فوجیوں کی شہادتیں دے دے کر ہم بند کر رہے ہیں اور دوسرا آپ کھول رہے ہیں۔ یہ کس لیے سہولت کاریاں ہو رہی ہیں؟ جان کر ہو رہی ہیں۔ ہم جان کی امان پا کے وہاں travel کر سکتے ہیں اور آپ تو وہاں کھلے عام بیٹھے ہیں۔ چیئرمین صاحب! میں پھر کہوں گی کسی ریاست کی دو خارجہ پالیسیاں نہیں ہو سکتی کہ صوبہ الگ بات کر رہا ہے اور آپ کچھ اور کر رہے ہیں۔ اس طرح کوئی کام نہیں چلتا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، شکریہ۔

سینیٹر شیری رحمان: .I am going to take the same time he took میں نے آپ کو گزارش کی ہوئی تھی۔ یہ میں نے پہلے بات کی ہے۔ .There is no negotiability in that یہاں بندے کہہ کے گئے ہیں کہ ہم استعفیٰ دے رہے ہیں۔ میں وہ نہیں کہوں گی۔ چیئرمین صاحب! میں nuclear option پر believe نہیں کرتی

but that's how it is. I belong to the largest party in the Senate and enough. I am going to speak on what happened that day without giving up any secrets here, without blowing the trust we had.

ہم نے trust build کیا تھا اور میں چاہتی ہوں اور ہم سب چاہتے ہیں کہ وہ آگے بھی بڑھے کیونکہ دہشت گردی ایک ایسا ناسور ہے جو بغیر صوبے کے، یہ ڈار صاحب کل کہہ رہے تھے، نہیں ہو سکتا اور اُن کو تو خوش ہونا چاہیے تھا کیونکہ پولیس کو counter terrorism میں frontline role ملتا ہے۔آرمی پیچھے ہٹتی ہے۔It is called clear and hold.آرمی علاقے کو clear کرتی ہے کہ آپ رات کے ساڑھے چار بجے کے بعد نکل سکیں۔ کیا آپ DI Khan میں نکل سکتے ہیں؟ کیا بنوں میں نکل سکتے ہیں؟ رات ساڑھے چار بجے کس کا سڑکوں پر control ہوتا ہے؟ Provincial government کا؟ I don't think so. not at all. میں آپ کو challenge کرتی ہوں کہ جا کر دیکھ لیں۔

مجھے اپنی سرزمین واپس چاہیے۔ کیا آپ کو نہیں چاہیے؟ بتائیں، جواب دینے کے لیے تو ہیں نہیں ناں۔ سرزمین واپس چاہیے so the army will clear it. وہ شہادتیں دیں گے۔ آپ نہ اُن کے جنازوں پر جائیں، ہم پر بھی تنقید کریں اور اُن پر بھی تنقید کریں کہ جیسے ہم کوئی power grab میں ہیں۔ (T12 پر جاری ہے)

T12-14Oct2026 Abdul Ghafoor/ED Mariam 6:50 PM

سینیٹر شیری رحمان: (جاری۔۔۔) وہ شہادتیں دیں گے، آپ ان کے جنازوں پر جائیں بھی نا، ہم پر تنقید بھی کریں، ان پر بھی کریں کہ جیسے ہم کوئی power grab میں ہیں۔ ہم کو ذمہ داری اٹھا کر کیا مل رہا ہے؟ ایک صوبہ خیبر پختونخوا جو جنگ کی کیفیت میں ہے۔ لیکن یہاں پر سیاست گھولی جا رہی ہے۔ سیاست کوئی گندی چیز نہیں ہے، مگر سیاست کو استعمال کرے، اس کو وسیلہ بنائے، مرہم ایک دوسرے پر لگائیں، ایک طرفہ مرہم نہیں ہوتا۔13 سال سے جنگ کی حالت میں ہوں گے۔

Mr. Deputy Chairman: No cross talk, please.

سینیٹر شیری رحمان: جناب چیئرمین! آپ ریکارڈ دیکھ لیں، مولانا صاحب سے سیکیورٹی پر بہت مرتبہ بات ہو چکی ہے۔ جب 2008 میں operation شروع ہوئے اور 2015-16 اختتام پذیر پر آنے لگے، اے پی ایس پبلک اسکول کا اتنا بڑا سانحہ ہوا تو سب کے پاؤں ہل گئے۔ آنسوؤں میں لپٹی ہوئی ان کی لاشیں نکلتی تھیں تو ہم اس جگہ واپس نہیں جائیں گے۔ ساری دنیا نے تسلیم کیا کہ پاکستان میں دہشت گردی دونوں حکومتوں سے one after another اپنی سرزمین کو واپس لیا، القاعدہ کو South Asia سے نکالا ہے۔ اب سب دندناتے ہوئے واپس آ رہے ہیں، اب وہ کیفیت نہیں ہے جو ان دنوں ہوتی تھی۔ اب آپ کے پاس ایک طرف hostile government ہے۔ دوسری طرف

ماشاءاللہ آپ دیکھ چکے ہیں معرکۂ حق میں ان کو پاکستان کا جواب اچھا نہیں لگا۔ بالکل ان کو اچھا نہیں لگا۔ اب وہ کوشش میں ہیں کہ پاکستان کو informal طریقے سے یعنی non-state actors کی سہولت کاریاں کرکے penetrate کیا جائے۔ یہ خوارج جو ہر طرف سے آ رہے ہیں، یہ کوئی آسمان سے نہیں گر رہے۔

جب آپ کسی صوبے کے ساتھ کام کرتے، پوچھ لیں، اے این پی آج یہاں پر نہیں ہے، اصل اے این پی کے ساتھ ہم سب نے کام کیا ہے۔ وہ حکومت ہوتی تھی، مجھے as Information Minister, KP جانا پڑتا تھا۔ ہوتی صاحب! مولانا ریڈیو ہوتے تھے، وہ ہم سب کو radicalize کرتے تھے۔ ہم سے ان کا ریڈیو بند نہیں ہو رہا، جس پر روز پورے علاقوں کو پاکستان کی ریاست کے خلاف مشتعل کرتے تھے۔ میں نے کہا جی، آپ کو بڑی بڑی لاریاں car jammers import کرکے بھیجتی ہوں، اس طرح cooperate کرکے کام ہو رہا تھا، so everybody has to work together یہ سیاست کس کام کی رہے گی، اگر آپ کی ریاست اس طرح جلنے لگی، اگر جھنڈے تبدیل ہونے لگے۔ ہمارے لیے بارڈر الگ ہے، کیوں بھئی؟ سب کا ایک ہی بارڈر ہوتا ہے۔ بارڈر بارڈر ہوتا ہے، وہ کوئی لائن نہیں ہوتی۔ It is not the Durand Line, it is the international border of Pakistan, Let's be very clear کیونکہ ہم اس کا دفاع کرتے ہیں، اپنے لہو سے دفاع کرتے ہیں اور کرتے رہیں گے۔ میں اور بات نہیں کرنا چاہتی، بہت باتیں کرنے کی بھی ہیں لیکن I'm sorry یہ مت مجھے کہیں کہ پیپلز پارٹی کیا کر رہی ہے؟ ہم اپنے کسی لیڈر کو خاص طور سے زرداری صاحب کو رہا کرنے کے لیے ملک داؤ پر نہیں لگاتے بلکہ ہمیں عدالتوں میں چار لوگوں کو لے جانے پر ہمیں ڈانٹ پڑتی ہے کہ یہ جمہوریت نہیں ہے، یہ کوئی طریقہ نہیں ہے۔ ہم جیلیں کاٹ لیں گے، عزت سے کاٹ لیں گے، ہماری خواتین بھی اسی طرح کرتی ہیں۔ کوئی عورت کارڈ نہیں کھیلا جاتا، فریال تالپور صاحبہ کو رات کو اٹھانا ہے تو بکتر بند کر گاڑی میں جائیں گی۔ آپ ہی نے اٹھایا تھا۔ آپ ہی کے ہاں سے فون جاتا تھا کہ فلاں کو AC نہ دو، فلاں کو پنکھا نہ دو۔ ہم وہ نہیں کرنا چاہتے، نہ کریں گے۔ اپنے گریبان میں ایک دن آخر جھانکنا ہے اللہ کو جواب دینا ہے لیکن میں پھر یاد دلاؤں گی، میرا کارکن پوچھے گا آپ نے کیوں نہیں کہا کہ آپ کی لیڈران کے ساتھ کیا کیا انہوں نے؟ وہ پوچھیں گے why didn't you say it تو میں کہہ رہی ہوں، کیا کیا نہیں کیا؟ آپ نے international stage پر جا کر دعویٰ کیا کہ میں ان کے لیڈران کے ساتھ ایسا، ویسا کروں گا۔ میں ان کو برف کی سلاخ پر لٹا دوں گا۔ کیسی باتیں کر رہے ہیں؟ اب سارے معصوم بن گئے ہیں، سب کو جمہوریت یاد آ گئی ہے۔ ہمیں اچھی طرح یاد ہے ہم نے کیا کرنا ہے؟ ملک رہے گا تو جمہوریت رہے گی.Thank you very much.

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، سینیٹر شیری رحمان صاحبہ۔ سینیٹر دنیش کمار صاحب۔

سینیٹر دنیش کمار: بہت بہت شکریہ۔ جناب والا! ڈار صاحب، ڈپٹی پرائم منسٹر بیٹھے ہوئے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مختصر کریں باقی سینیٹرز صاحبان بھی ہیں۔

Senator Danesh Kumar

سینیٹر دنیش کمار: جناب چیئرمین! جی، ڈار صاحب آئے ہیں، میں نے کہا کہ اس موقع سے فائدہ اٹھاؤں۔ جناب والا! ویسے بھی آپ بلوچستان کوئٹہ سے ہیں۔ بلوچستان، کوئٹہ میں سکھوں کی ایک بہت ہی قدیم سری گرو سنگھ سبھا کوئٹہ کے نام سے عبادت گاہ تھی۔ وہ سینٹ ابراہیم اسکول کو دی گئی تھی، Evacuee Property Trust اور لینڈ مافیا نے ملی بھگت سے جو بلوچستان کا heritage تھا، بلوچستان کوئٹہ میں اس چیز کا ثبوت ہے کہ یہاں پر سکھ پنجابی بہت بڑی تعداد میں رہتے تھے، ان کی نشانی تھی۔ جناب ڈار صاحب Evacuee Property Trust نے وہ جو قدیمی سکھوں کی عبادت گاہ تھی، بلڈر مافیا نے کوڑیوں کے دام کو دے دی۔ انہوں نے راتوں رات آکر عبادت گاہ کو توڑ دیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ Evacuee Property Trust پر ایک بہت بڑا ہی ڈاکہ ہے۔ میں جب نے کہا کہ یہ ڈاکہ کیوں ڈالا جارہا ہے؟ انہوں نے کہا کہ ہماری بلوچستان سے تنخواہیں نہیں نکلتی، اس لیے ہم نے اسے نیلام کیا ہے۔ آپ Sanaullah Zehri Orchard Road پر تین لاکھ روپے ایک فٹ کی قیمت ہے، گوردوارہ 5000 sq ft تھا۔ ان ظالموں نے ہزاروں روپے میں، وہ بھی قسطوں میں بھی دیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کا سوال آگیا ہے۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب چیئرمین! میری ڈار صاحب سے ہاتھ جوڑ کر request ہے کہ اس چیز پر نظر ثانی کریں۔ اس طرح سے ہمارے اثاثے ضائع کیے جارہے ہیں۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، سینیٹر محمد اسحاق ڈار، نائب وزیر اعظم صاحب، قائد ایوان۔

Senator Mohammad Ishaq Dar, Leader of the House

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: شکریہ، جناب چیئرمین! میں اپنے دوست سے request کروں گا، دیکھیں! جو business ہو رہا ہوتا ہے، کچھ Rules of Business کی norms ہیں۔ آپ ضرور نقطہ اٹھاتے کسی طریقے سے Calling Attention Notice بھی دے سکتے تھے۔ بہر حال، بات ایک issue پر ہو رہی ہے، تقاریر ہو رہی ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: کل شاید آپ اسی issue پر بات کریں۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: Anyway چونکہ انہوں نے بات کی ہے تو میں گزارش کروں گا کہ اگر تھوڑی تفصیل لکھ کے دے دیں، رانا صاحب آپ کو پتا ہی ہے کہ بلوچستان میں ہماری coalition government ہے، یہ بھی ہمارے ساتھی ہی ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: آپ سیدھا Chief Minister صاحب کے پاس جا کر اپنی تفصیل دے دیں will get it sort out

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ اپنی تفصیل دے دیں۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: جو بھی ہوا obviously میرے پاس اس وقت ready تفصیل نہیں ہے یا کوئی سوال ڈال دیتے، جو بھی ایک طریقہ ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: طریقہ کار کے مطابق کریں۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: میرا خیال ہے کہ تقریر فرمائیں گے جو اس وقت topic under discussion ہے۔ بہت شکریہ، but بھائی دے دیں، ان شاء اللہ. I'll look into this

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، سینیٹر جام سیف اللہ خان صاحب۔

Senator Jam Saifullah Khan

سینیٹر جام سیف اللہ خان: بہت بہت شکریہ، جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ ہماری Parliamentary Leader نے بڑی مفصل گفتگو کی ہے۔ ہمارے دوستوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ایک جمہوری پارٹی ہے اور جمہوری پارٹی کو یہ مناسب نہیں لگتا کہ کم از کم اس موقع پر جو emergency declare کی اس میں ساتھ ہیں۔ تقریباً پچھلے چودہ، پندرہ سال سے دیکھیں! جمہوریت کا یہ بھی مطلب ہے کہ جمہوریت میں ہر کسی کو level playing field ہونی چاہیے۔ ہر پارٹی کو آزادی سے campaign کرنے کی اجازت ہونی چاہیے۔ ہر پارٹی کو اپنا منشور بتانے کی اجازت ہونی چاہیے۔ اب KPK میں unfortunately پچھلے تقریباً تین، چار elections ہوئے، اگر آپ دیکھیں، دہشت گردی کے واقعات ہوتے رہے ہیں اور دہشت گردی کے واقعات میں صرف ایک پارٹی کو ہر قسم کی سہولت ہوتی ہے۔ ان کو free level playing field میں بالکل full اجازت ہوتی ہے۔ دوسری جو بھی اس پارٹی کی مخالف پارٹیاں ہوتی ہیں، اگر آپ history میں

دیکھیں، چاہے اس میں پاکستان پیپلز پارٹی ہو، چاہے مسلم لیگ نواز ہو، چاہے اے این پی ہو، چاہے مولانا صاحب کی پارٹی JUI ہو، ساروں پر ہمیشہ attacks ہوتے رہے ہیں ، دہشت گردی کے واقعات ٹی ٹی پی کی طرف سے ہوئے ہیں۔

پیپلز پارٹی کی قیادت کو انہوں نے شہید کیا۔ دوسری ہر پارٹی پر دہشت گرد حملے ہوتے تھے یا مولانا صاحب ہمارے بھائی بیٹھے ہیں، مولانا فضل الرحمٰن صاحب کے اوپر تقریباً دو، دو تین attacks ہوئے۔ مولانا عبدالغفور حیدری جو کہ ہمارے دوست بتا رہے تھے کہ جب ان پر دہشت گردوں نے کیا تو اس حملے میں تقریباً سات سے آٹھ لوگ شہید ہو گئے تھے۔ (جاری۔۔T13)

T13-14Oct2026 Tariq/Ed: Waqas 07:00 pm.

سینیٹر جام سیف اللہ خان۔۔۔(جاری)۔۔ مولانا عبدالغفور حیدری جو کہ ہمارے دوست ہیں وہ بتا رہے تھے کہ جب ان پر دہشت گردوں کا حملہ ہوا تھا تو اس حملے میں تقریباً سات سے آٹھ لوگ شہید ہو گئے تھے اور وہ ان کے اوپر گرے ہوئے تھے جس سے ان کی جان بچ گئی۔ ابھی recently ان کی جماعت JUI(F) کا کوئی جلوس وغیرہ تھا، ڈار صاحب مہربانی فرما کر اگر دو منٹ میری بات سنیں، JUI کے جلسے پر attack ہوا۔ ANP کے سارے MPAs پر attack ہوا، MNAs اور ان کے Ministers پر attack ہوا اور ان کے ایک Information Minister بے چارے جن کا ایک بیٹا تھا، اسے شہید کیا گیا۔ اسی طریقے سے ہر دوسری جماعت کے ساتھ یہ ہوا۔

دیکھیں جمہوریت کا یہ مطلب ہے کہ ہر جماعت کو level playing field دی جائے۔ اگر آپ پچھلے دو یا تین الیکشن دیکھیں تو صرف ایک جماعت کو کھلی اجازت تھی اور وہ campaign چلاتی تھی، سارے جلسے اور جلوس کرتی تھی اور باقی جماعتوں کو ایسا حق نہیں ہوتا تھا۔ اگر آپ wrestling کے میدان میں ایک پہلوان کے پیچھے سے ہاتھ باندھ دیں تو دوسرا چاہے کمزور ہو گا مگر وہ آپ کو مکے مار مار کر knockout کر دے گا، یہی صورت حال خیبر پختونخوا میں رہی ہے۔ مجھے افسوس اس بات کا ہوتا ہے کہ ہمارے جو سارے لوگ ہیں، چاہے اس میں ANP ہو، چاہے JUI ہو یا دوسری جماعتیں ہوں، بڑی معذرت کے ساتھ ، ہم جو باتیں کر رہے ہیں تو پیپلز پارٹی میں اتنے guts ہیں کہ وہ openly یہ کہتی ہے کہ یہ دہشت گرد ہیں اور ان کا مقابلہ کرنا چاہیے۔

دیکھیں دو چیزیں ہیں، یا تو آپ کی ان کے ساتھ complicity ہے یا پھر آپ اتنے incompetent اور ڈرپوک ہیں کہ آپ ان کے ساتھ لڑنا نہیں چاہتے اور آپ نہیں چاہتے کہ آپ کا حشر بھی ویسا ہو جیسا ANP اور دوسری جماعتوں کے ساتھ ہوا ہے۔ اگر یہ نہیں ہے تو پھر دونوں چیزیں ہیں، complicity بھی ہے اور ڈر بھی ہے۔ جناب آپ اس طرح سے ایک صوبے کو نہیں چلا سکتے ہیں کہ آپ بڑے شہروں میں

باہر نہیں نکل سکیں، آپ اسے own نہ کر سکیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر پیپلز پارٹی نے بھی یہ قدم اٹھایا ہے تو with a very heavy heart, کیونکہ پیپلز پارٹی نے جمہوریت کے لیے قربانیاں دی ہیں لیکن ہم یہ بھی سمجھتے ہیں کہ اس وقت ملک میں existential threat ہوا تھا جو موجودہ صورت حال ہے اور PTI کے جو دوست ہیں انہیں اپنی قیادت سے پوچھنا چاہیے کہ کیا وجہ ہے کہ آپ ان کے لیے نرم گوشہ رکھتے ہیں جبکہ ساری دنیا میں بڑے عرصے کے بعد بڑی clarity آئی ہے، پہلے کوئی کہتا تھا کہ good Taliban ہیں اور bad Taliban ہیں، کبھی کہتے تھے کہ ان سے باتیں کریں، کبھی کہتے تھے کہ باتیں نہیں کریں، کوئی معاہدے کرتے تھے، پھر چھ ماہ یا سال کے بعد وہ معاہدے ٹوٹ جاتے تھے، پھر وہ اور زیادہ organized ہو کر اور شدت کے ساتھ مقابلے کرتے تھے۔ یہ کہانیاں تو ہم پچھلے پچیس تیس سالوں سے سن رہے ہیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت کی جو Establishment ہے اور ہمیں یہ بھی پتا ہے کہ ایک وقت تھا جب ہماری Establishment بھی ان کو تھوڑا بہت کھلاتی تھی اور انہیں پالتی تھی، ان کی بھی dubious policies رہی ہیں، ہم اس پر بھی تنقید کرتے ہیں لیکن بڑے عرصے کے بعد Establishment کے ذہن میں ایک clarity آئی ہے اور انہوں نے فیصلہ کیا ہے کہ جو بھی ملک دشمن ہیں ہم ان کے ساتھ مقابلہ کریں گے اور ہم دیکھ رہے ہیں کہ ہر موقع پر وہ شہادتیں دے رہے ہیں، چاہے اس میں ایک جوان فوجی ہو، چاہے ایک میجر ہو یا senior level ranking کے لوگ شہید ہو رہے ہیں۔ جناب اس موقع پر ہمیں ان کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے۔

جناب چیئرمین! یہ سارے PTI والے جو تقاریر کر کے بھاگ گئے ہیں وہ اپنی leadership سے بھی بات کریں۔ یہ نہ سہیل آفریدی کا قصور ہے، نہ ان کی جماعت کے کسی اور بندے کا قصور ہے، یہ ایک بندے کے ذہن کی clarity ہے جو ان کے جماعت کا head ہے، اسے یہ clarity ہے کہ میں نے ان کے ساتھ کام کرنے ہے، انہیں میں نے antagonize نہیں کرنا اور کسی صورت میں ناراض نہیں کرنا اور اسے میں نے اپنی سیاست کے لیے استعمال کرنا ہے۔ اپنی political space بنانے کے لیے استعمال کرنا ہے، وہ بڑے عرصے سے بالکل clear minded ہے، وہ بالکل نہیں چاہتا کہ اس طرح سے ہو۔ باتیں کرنے والے لوگ تو باتیں کرتے ہیں کہ ان کا ان کے ساتھ بڑا گہرا nexus ہے، PTI ان کی political wing ہے اور پہلے جو دہشت گرد تنظیمیں ہوتی ہیں جو ان کے لیے political راستے صاف کرتی ہیں وہ ان کا وہ wing ہے جو پہلے کسی وقت میں ہٹلر کے دور میں ہوتا تھا۔ ہمیں بڑی clear policies رکھنی پڑیں گیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ جو متاثرہ جماعت ہے اور میں ANP کی قربانیوں کو بہت appreciate کرتا ہوں، میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے جو قربانیاں دی ہیں وہ سب جماعتوں سے زیادہ ہیں لیکن unfortunately ابھی ان میں وہ جذبہ ہے، میں سمجھتا ہوں کہ ان کا کافی نقصان ہوا

ہے اور باتیں کرنا اتنا آسان بھی نہیں ہوتا۔ لوگ بے چارے اس علاقے کے رہنے والے اگر چار یا پانچ بجے کے بعد تمام راستے بند ہو جائیں، کسی کی families ہوتی ہیں لیکن اس وقت تمام کو اکٹھا ہو کر جب تک اس کا مقابلہ نہیں کریں گے تو ہماری ان سے جان نہیں چھوٹے گی۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اب میں ایوان کی کارروائی بروز جمعہ مورخہ 16 اکتوبر، 2026 صبح ساڑھے دس بجے تک ملتوی کرتا ہوں۔ شکریہ۔

(The House was then adjourned to meet again on Friday, the 16th of October, 2026 at 10:30 a.m.*)*